ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 02 ذوالحجہ 1447ھ 19 مئی 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 314
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آئی ایم ایف نے پاکستان سے سیلز ٹیکس میں ہر قسم کی چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کردیا

ایف بی آر، آئی ایم ایف کے درمیان ٹیکس ہدف کو جی ڈی پی کے 11.2 فیصد کے برابر رکھنے پر اتفاق ہوگیا، آئندہ مالی سال کیلئے 15 ہزار 264 ارب روپے کے ٹیکس ہدف پر اصرار

آئی ایم ایف نے انفورسمنٹ اقدامات کے ذریعے 778 ارب روپے اضافی وصولی کا مطالبہ بھی کیا ہے، سیلز ٹیکس کی موجودہ 22.8 فیصد شرح کم کر کے 18 فیصد کرنے کی تجویز

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئی ایم ایف نے پاکستان سے سیلز ٹیکس میں ہر قسم کی چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف اور ایف بی آر کے درمیان آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق مذاکرات آخری مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن نے پاکستان سے سیلز ٹیکس میں ہر قسم کی چھوٹ اور استثنیٰ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے آئندہ مالی سال کیلئے 15 ہزار...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

خلیجی ممالک سے ایک لاکھ 65 ہزار پاکستانی ڈیپورٹ

صرف سعودی عرب سے 1 لاکھ 8 ہزار 29 کو بے دخل کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزارت داخلہ نے گزشتہ پانچ برس میں خلیجی ممالک سے بے دخل پاکستانیوں کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردیں جس کے مطابق خلیجی ممالک سے گزشتہ پانچ برس میں کل 1 لاکھ 64 ہزار 788 پاکستانیوں کو ملک بدر کیا گیا۔ اسی طرح سعودی عرب سے......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کے پہلے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس، وزارتوں کی تقسیم پر بحث وتکرار

آج ہر ایم پی اے کو 100، 100 کارکن اڈیالہ پہنچانے کا ہدف

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں وزارتوں کی تقسیم پر بحث وتکرار ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کی صدارت چیف وہپ اکبر ایوب نے کی....... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

عراق سے سعودیہ فضائی حدود میں داخل ہونیوالے 3 ڈرون تباہ

مناسب وقت اور مقام پر جواب دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں، وزارت دفاع

ریاض (م ڈ) سعودی عرب کی وزارت دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ عراق سے داغے گئے 3 ڈرون سعودی فضائی حدود میں داخل ہونے کے بعد تباہ کر دیے گئے۔ غیرملکی خبر ایجنسی کے مطابق یہ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

صوبوں کے اختیارات ختم کرنا ترقی نہیں، سلمان راجہ

ہر روز کورٹ کو یاد دلائیں گے کہ ظلم ہو رہا ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ اپریل 2022 میں پی ٹی آئی کی حکومت کو بین الاقوامی سازش کے تحت گرایا گیا، ڈراپ سائٹ نے سائفر منظر عام پر لاکر......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

متحدہ عرب امارات کے نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملہ قابل مذمت ہے، وزیراعظم

مذاکرات اور سفارتکاری ہی دیرپا علاقائی امن، استحکام اور کشیدگی میں کمی کے لیے واحد قابل عمل راستہ ہے، شہباز شریف

خلیجی ممالک اور ایران میں تعینات پاکستانی سفیروں کے اہم اجلاس کی صدارت، اقتصادی سفارت کاری تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں نیوکلیئر انرجی پلانٹ پر ڈرون حملے کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم متحدہ عرب......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے پر اظہار اطمینان

بھارت مصنوعی لوڈ کروز کے ذریعے ذخیرہ آب میں اضافہ جائز قرار نہیں دے سکتا، پاکستان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے پر اظہار اطمینان کیا۔ حکومت پاکستان کے مطابق عالمی ثالثی عدالت کا فیصلہ پاکستانی موقف کی توثیق ہے، بھارت پر لازم ہے پاکستان کو معاہدے کی......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت نے موسمی خطرات سے نمٹنے کیلئے پلان کی منظوری دیدی

درپیش ممکنہ قدرتی آفات، مون سون بارشوں، سیلابی صورتحال، ہیٹ ویو اور موسمی تغیرات سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ

درجہ حرارت 53 ڈگری سینٹی گریڈ تک جائیگا، کلاوڈ برسٹ کے بعد اچانک ہیٹ برسٹ جیسے خطرات پیدا ہو سکتے ہیں

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے مون سون سیزن 2026 اور ممکنہ شدید موسمی خطرات کے پیش نظر جامع ملٹی ہیزرڈ پلان کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ پیر کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اہم اجلاس......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

درجنوں امریکی کارگو طیارے اسلحہ لیکر اسرائیل پہنچ گئے، قطر، سعودیہ اور یو اے ای کی درخواست پر آج ایران پر طے شدہ حملے مؤخر کر رہے ہیں، صدر ٹرمپ

ایٹمی پروگرام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

تہران میں محسن نقوی اور عباس عراقچی کی اہم ملاقات

جواب پاکستان کے حوالے کر دیا، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

ممکنہ جنگ کی صورت میں پینٹاگون نے ایران میں اہداف کا چناؤ کرلیا، امریکی طیارے اسرائیل کے مختلف فوجی اڈوں پر اترے، اسلحہ، میزائلوں اور دیگر جنگی سامان کی ترسیل کی گئی، میڈیا رپورٹس

واشنگٹن، تہران (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب، قطر اور یو اے ای کی درخواست پر کل ایران پر طے شدہ حملہ مؤخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے بتایا کہ مجھے قطر کے امیر تمیم بن حمد آل ثانی، سعودی......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دالبندین سے تین افراد کی نعشیں برآمد، ہسپتال منتقل

معدنی کمپنی کے ملازم تھے دو افراد کا تعلق سرگودھا ایک کا چنیوٹ سے تھا

نعشیں قومی شاہراہ کے قریب ملیں، ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) دالبندین کے علاقے سے 3 افراد کی گولیاں لگی نعشیں برآمد جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز معدنیات نکالنے والی کمپنی میں کام کرنے والے افراد ظہیر احمد، وسیم سکنہ سرگودھا اور افضل سکنہ چنیوٹ کی......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف آج کوئٹہ کا دورہ کریں گے



کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں مہمان خصوصی ہونگے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف (آج) منگل کو بلوچستان کا ایک روزہ دورہ کریں گے، جہاں وہ وزیراعلیٰ......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ووٹر کی عمر 25 سال کرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، عطا تارڑ

ممکنہ 28 ویں ترمیم میں ووٹ کیلئے عمر کی حد میں تبدیلی کی جا رہی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے واضح کیا ہے کہ ووٹر کی عمر 25 سال کرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں عطا اللہ تارڑ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی نے پٹرولیم لیوی وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کردی

22 مئی کو ملک گیر مظاہرے، دھرنے ہوں گے، ہڑتال کا اعلان بھی کریں گے، حافظ نعیم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے پٹرولیم لیوی اور حکومت کی جانب سے توانائی کے شعبہ میں عوام کے ساتھ کی......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

چارسدہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ، اے این پی رہنماء قتل

ملزمان فرار، مقتول عبدالرحمن ایک ہفتہ قبل ملائیشیا سے واپس آئے تھے

چارسدہ (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی ملائیشیا اوورسیز کے صدر عبدالرحمن کو نامعلوم افراد نے چارسدہ کے علاقے الف خان آباد میں اپنے حجرے میں فائرنگ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کا قطری ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ

مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستان کی امن کوششوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آج شام قطر کے وزیراعظم و وزیر خارجہ عزت مآب شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی سے ٹیلیفون پر گفتگو...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے ڈالر پر انحصار کم کرنے کی جانب بڑا قدم اٹھالیا

پہلے پانڈا بانڈ کا اجراء، معاشی بحالی پر عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کا اظہار

بیجنگ (م ڈ) پاکستان نے پہلی مرتبہ چین کی مقامی بانڈ مارکیٹ میں "پانڈا بانڈ" جاری کر کے 1.75 ارب رینمنبی حاصل کر لیے، اس بانڈ کو عالمی مالیاتی حلقوں میں خاص...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پنکی نے اہم افراد کے نام اگل دیے، عدالت پہنچتے ہی شور شرابہ

پولیس نے میڈیا کے نمائندوں کو دھکیل کر قریب آنے سے روک دیا

کراچی (م ڈ) انمول عرف پنکی نے جوڈیشل کمپلیکس پیشی کے موقع پر آج بھی شور شرابہ کیا اور کچھ نئے نام بھی اگل دیے، عدالت نے ملزمہ کے جسمانی ریمانڈ......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گندم وگیس ترسیل، گورنر اور وزیراعلیٰ کے پی یک زبان

وزیراعظم نے خیبرپختونخوا کے معاملے میں شہباز سپیڈ نہیں دکھائی، فیصل کریم کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا میں گندم وگیس ترسیل کے معاملے پر گورنر فیصل کریم کنڈی اور وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی یک زبان ہوگئے۔ پیر کو مشترک...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ، موٹر سائیکل پر نصب بم دھماکہ، جانی نقصان نہیں ہوا

دھماکے کی آواز دور تک سنائی دی، پولیس و فورسز جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) کوئٹہ چمن شاہراہ پر خوفناک دھماکہ اطلاع کے مطابق کوئٹہ چمن انٹرنیشنل شاہراہ پر قلعہ عبداللہ کے قریب موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا بم زوردار......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بہتر کارکردگی پر وزارتوں کو ترقیاتی بجٹ دیں گے، وزیراعظم

ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگایا جائے گا جن کے نتائج یقینی ہوں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بہتر کارکردگی پر وزارتوں کو ترقیاتی بجٹ میں ترجیح دی جائے گی۔ رواں برس کے ترقیاتی بجٹ اور......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری، عدالت میں پیش کرنے کا حکم

عدالت نے سابق وزیراعلیٰ کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عدالت نے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں سابق......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان خطے اور دنیا میں امن کیلئے کوششیں جاری رکھے گا، اسحاق ڈار

وزیر خارجہ کا قطر کے وزیر مملکت خارجہ سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (شاکر رحمان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے قطر کے وزیر مملکت برائے خارجہ محمد بن عبدالعزیز الخلیفی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ ترجمان دفتر...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

تمپ میں پل تعمیر کرنیوالی کمپنی کی مشینری نذر آتش کردی گئی

مسلح افراد کمپنی کی گاڑیاں لے کر فرار ہوگئے، پولیس نے کارروائی شروع کردی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تمپ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے پل تعمیر کرنے والی کمپنی کے کیمپ پر حملہ کر کے مشینری کو نذر آتش کر دیا اور گاڑیاں لے گئے ذرائع کے......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

PROJECT MANAGEMENT UNIT
BALOCHISTAN EDUCATION SUPPORT PROGRAM
(PMU-BESP)
An initiative of School Education Department, Government of Balochistan through PMU-BESP

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی کے وژن کے مطابق، حکومت بلوچستان، اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے، پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (PMU-BESP) کے تحت، ورلڈ بینک کے تعاون سے، GRADES-BALOCHISTAN پروجیکٹ کے تحت بلوچستان کے تمام اضلاع کی اہل خواتین امیدواروں سے درخواستیں طلب کرتی ہے تاکہ تقریباً 400 مکمل فنڈڈ اسکالرشپس BS ایجوکیشن اور B.Ed (چار سالہ پروگرام) میں دی جا سکیں۔
یہ اقدام خاص طور پر بلوچستان میں خواتین اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔

انٹرمیڈیٹ پاس طالبات کے لیے 400 اسکالرشپ پروگرام

FOR FEMALE STUDENTS OF BALOCHISTAN

FALL SESSION 2026

PROGRAMS
BS Education/ B.ED (4 Years)

راحیلہ حمید خان درانی
وزیر تعلیم بلوچستان

بلوچستان کے تمام اضلاع سے اہل امیدواروں کو PMU-BESP کے انلائن پورٹل پر درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے تاکہ وہ ملک کے بہترین جامعات / اداروں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں اور بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

میر سرفراز بگٹی
وزیر اعلیٰ بلوچستان

ELIGIBILTY / اہلیت
- کم از کم تعلیمی قابلیت: انٹرمیڈیٹ یا مساوی
- میٹرک میں کم از کم 55 فیصد نمبر
- انٹرمیڈیٹ میں کم از کم 55 فیصد نمبر
- زیادہ سے زیادہ عمر: 22 سال
- بلوچستان کا مقامی / ڈومیسائل ہولڈر ہونا لازمی ہے

انتخاب اور الاٹمنٹ کا طریقہ کار / SELECTION CRITERIA
- ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) تمام پارٹنر جامعات / اداروں (جو کہ PMU-BESP کے پورٹل پر موجود ہیں) کے لیے یکساں داخلہ ٹیسٹ منعقد کرے گا۔
- بلوچستان کے تمام اضلاع کے لیے نشستیں مختص کی جائیں گی۔
- HEC کے زیر اہتمام ٹیسٹ کے انعقاد کے بعد ضلعی بنیادوں پر میرٹ لسٹ مرتب کی جائے گی۔
- خالی نشستوں کی صورت میں امیدواروں کا انتخاب متعلقہ ڈویژن کی ویٹنگ لسٹ میں موجود میرٹ کے مطابق کیا جائے گا، جبکہ مزید خالی نشستوں کی صورت میں صوبائی سطح کے میرٹ کو ترجیح دی جائے گی۔

اسکالرشپ کے فوائد / BENEFITS
- مکمل ٹیوشن فیس اور ماہانہ وظیفہ
- ہاسٹل / رہائش کے اخراجات
- سفری اخراجات (سال میں ایک بار ماہانہ وظیفہ کے علاوہ)
- لرننگ ڈیوائس (لیپ ٹاپ / ٹیبلیٹ)
- نوٹ: ذاتی اخراجات اس اسکالرشپ کے تحت ادا نہیں کیے جائیں گے۔

OTHER CONDITIONS / دیگر شرائط
- یہ اسکالرشپ صرف PMU-BESP کی پارٹنر جامعات / اداروں میں BS ایجوکیشن / بی ایڈ (چار سالہ) پروگرام کے لیے قابل اطلاق ہوگی، جو HEC سے تسلیم شدہ ہوں۔
- منتخب امیدوار حکومت یا کسی دوسرے ادارے سے کسی اور اسکالرشپ یا مالی معاونت سے فائدہ نہ اٹھا رہی ہوں۔
- اگر کوئی منتخب امیدوار پہلے سے کسی اسکالرشپ یا مالی معاونت سے مستفید ہو رہی ہو تو اُسے اس پروگرام کے لیے اہل قرار دیے جانے سے قبل سابقہ اسکالرشپ ختم کرنا ہوگی۔
- اسکالرشپ حاصل کرنے کے بعد کامیاب امیدواروں کو PMU-BESP اور محکمہ اسکول ایجوکیشن حکومت بلوچستان کے ساتھ ایک معاہدہ کرنا ہوگا کہ وہ ڈگری مکمل کرنے کے بعد کم از کم تین سال اپنے متعلقہ اضلاع کے کسی ایک سرکاری اسکول میں خدمات انجام دیں گے جس کا انتخاب محکمہ اسکول کرے گا۔
- معاہدے کی خلاف ورزی کی صورت میں ڈگری پر آنے والے اخراجات امیدوار سے وصول کیے جائیں گے۔
- منتخب امیدواروں کو چار سال کے اندر ڈگری مکمل کرنا ہوگی، بصورت دیگر مالی معاونت ختم کردی جائے گی۔
- کامیاب امیدواروں کو یونیورسٹی کے معیار کے مطابق تسلی بخش CGPA برقرار رکھنا ہوگا۔
- اگر کسی طالبہ کو ہاسٹل نہ ملا تو رہائش کا بندوبست خود کرنا ہوگا۔

درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ
4 June 2026

درخواست جمع کرنے کے لیے QR CODE SCAN کریں

IMPORTANT INSTRUCTIONS / اہم ہدایات
- امیدوار صرف اپنے CNIC / ب فارم کے ذریعے درخواست دیں گی۔ والدین، بہن بھائی یا کسی اور فرد کا CNIC استعمال کرنا سختی سے ممنوع ہوگا۔
- CNIC میں ایک ہندسے کی بھی تبدیلی قابل قبول نہیں ہوگی۔
- دستاویزات میں کسی بھی قسم کی ردوبدل یا تضاد کی صورت میں امیدوار کو ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
- امیدوار ٹیسٹ کے وقت اپنی اصل تعلیمی اسناد، CNIC اور لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ ہمراہ لائیں گی۔
- اگر CNIC موجود نہ ہو تو اصل ب فارم پیش کرنا لازمی ہوگا۔
- ٹیسٹ کے لیے کوئی فیس نہیں لی جائے گی، ٹیسٹ کے اخراجات PMU-BESP اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت بلوچستان برداشت کرے گی
- ٹیسٹ میں شرکت کرنے والوں کو TA/DA نہیں دیا جائے گا
- امیدواروں کو اپنے ٹیسٹ سینٹر کا انتخاب انتہائی احتیاط سے کرنا چاہیے، کیونکہ درخواست جمع کروانے کے بعد ٹیسٹ سینٹر میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔
- صوبے بھر میں چودہ (14) ٹیسٹ سینٹر قائم کیے جائیں گے۔
- کسی بھی قسم کی غلط معلومات یا جعلی دستاویزات جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
- ٹیسٹ اور اسکالرشپ سے متعلق تمام معلومات اور سوالات کے جوابات PMU-BESP کے ویب سائٹ کے FAQs سیکشن میں دستیاب ہیں۔
- ٹیسٹ کے دوران کسی بھی قسم کے غلط ذرائع کے استعمال کی صورت میں ETC-HEC کے منظور شدہ قواعد و ضوابط کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

FOR MORE DETAILS | E-Mail: Scholarships@pmubesp.gob.pk | www.pmubesp.gob.pk | Contact # 081-2864295
OFFICE 74-A CHAMAN HOUSING SCHEME AIRPORT ROAD QUETTA | WhatsApp Contact : 0371-0298270
AB No.1316/18-05-2026

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی و دیگر افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاک ڈاؤن ختم کرانے پر بابر یوسفزئی کے مشکور ہیں، علی رضا یوسفزئی

صرافہ برادری کو عید کے موقع پر تحفہ دینے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کے شکر گزار ہیں

کوئٹہ (پ ر) صوبائی جنرل سیکرٹری بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن سردار علی رضا یوسفزئی نے معاون برائے وزارت داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بابر یوسفزئی کی ذاتی کاوشوں سے صرافہ برادری اور تاجروں کو عید قرباں کے پرمسرت موقع پر لاک ڈاؤن ختم کرنے کی صورت میں تحفہ دیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بھی شکر گزار ہے اور امید حکومت بلوچستان مقررہ مدت کے بعد بھی لاک ڈاؤن جیسی تجویزوں پر نظر ثانی کرے گی جبکہ حکومت بلوچستان کو صرافہ برادری کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں معاون برائے وزارت داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری گزارشات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے عید کے موقع پر لاک ڈاؤن میں نرمی کے احکامات جاری کروائے، انشاء اللہ عید قرباں کے موقع پر صرافہ برادری اور تاجر حضرات امن و امان کے حوالے سے اپنے اقدامات کو بہتر بنائیں گے تاکہ اس مشکل وقت میں جو ذمہ داریاں ہم پر لاگو ہیں

ہیڈ ماسٹر امان اللہ بزنجو کی والدہ کی فاتحہ خوانی کلی بکرا لانڈھی مل میں جاری ہے

مل (نامہ نگار) ہیڈ ماسٹر امان اللہ بزنجو، نصرت اللہ بزنجو، ثناء اللہ بزنجو، ماسٹر امین اللہ بزنجو، سمیع اللہ بزنجو کی والدہ انتقال کر گئی مرحومہ حاجی محمد نوث کاکڑ، ماسٹر محمد بخش کاکڑ، بشیر احمد کاکڑ کی ہمشیرہ حاجی عبدالستار مینگل، حاجی عبدالصمد مینگل کی خالہ زاد عبداللہ بزنجو، عبدالغفار بزنجو، عبدالرحمان بزنجو کی چچی تھی نماز جنازہ و تدفین کلی گورگیج قبرستان میں ادا کر دی گئی فاتحہ خوانی کلی بکرا لانڈھی مل میں جاری ہے۔

سیدال خان کا باز محمد خان کھیتران کی والدہ کے انتقال پر دکھ کا اظہار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے سابق وفاقی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر باز محمد خان کھیتران کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے مرحومہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے سینئر صحافی جاوید رحمان سے بھی ان کے والد کے انتقال پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور اہل خانہ کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔

اساتذہ نسل نو کی رہنمائی اور قوم کو ترقی کی طرف لے جاتے ہیں، گوادر بار

وی سی پروفیسر عبدالرزاق صابر، پرو وی سی ڈاکٹر منظور احمد سمیت سٹاف کو بازیاب کرایا جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوادر نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ سے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منظور احمد، لیکچرار ڈاکٹر ارشاد بلیدی، اور ان کے ڈرائیور کے اغوا کی اور پروفیسر خوار حیات کا نوشکی میں قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے افسوس اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ، پروفیسرز اور یونیورسٹی کے وائس چانسلرز معاشرے کے نہایت اہم اور باعزت افراد ہوتے ہیں، کیونکہ یہی لوگ قوم کی تعلیم، تربیت اور شعور کی بنیاد رکھتے ہیں۔ ایک ""استاد انسان کو علم، اخلاق اور صحیح سوچ سکھاتا ہے، اساتذہ نئی نسل کی رہنمائی اور قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بار کے رہنماؤں نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور باشعور معاشرہ ہی ترقی کی ""ضمانت ہوتا ہے، اور اساتذہ ہی روشن مستقبل کے معمار ہیں۔ ایسے معزز تعلیمی شخصیات کا اغوا و قتل نہ صرف قابل افسوس بلکہ پورے معاشرے کے لیے تشویشناک عمل ہے۔"" ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوادر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے تمام متعلقہ ادارے فوری کارروائی کرتے ہوئے

معاوضہ کسی بھی فرد کے نقصان، تکلیف کا ازالہ تو نہیں کرسکتا، محمد انور کاکڑ

حکومت کی جانب سے دیا جانے والا معاوضہ متاثرین کیلئے اہم سہارا ہوتا ہے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سوشل ویلفیئر، سی اینڈ ڈبلیو، سی ٹی ڈی، سول ہسپتال، بی ایم سی، ایم سی کیو، پولیس سرجن اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ میں پیش آنے والے گزشتہ مختلف واقعات کے حوالے سے زخمیوں اور شہداء کا تفصیلی ڈیٹا پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ متاثرہ عمارتوں، گاڑیوں اور دیگر املاک کو پہنچنے والے نقصانات کی تفصیلات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متاثرین کو معاوضہ فراہمی کے امور، دستاویزی مراحل اور مختلف اداروں کے درمیان باہمی تعاون کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ متاثرہ خاندانوں کو بروقت ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے کہا کہ معاوضہ کسی بھی فرد کے نقصان، دکھ یا تکلیف کا مکمل ازالہ تو نہیں کر سکتا، کیونکہ بعض نقصانات ایسے ہوتے ہیں جن کی تلافی ممکن نہیں ہوتی۔ خاص طور پر اگر کوئی شخص اپنے پیاروں، گھر، روزگار یا زندگی بھر کی جمع پونجی سے محروم ہو جائے تو مالی امداد اس کے غم کو ختم نہیں کر سکتی۔ تاہم ایسے مشکل حالات میں حکومت کی جانب سے دیا جانے والا معاوضہ متاثرہ افراد کے لیے ایک اہم سہارا ضرور ثابت ہوتا ہے۔

زیر اہتمام ڈپٹی سیکرٹری الیکٹرک ... 17-B ... سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، پی ٹی آئی کے قائم مقام صدر خورشید کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک کے مقبول لیڈر اور اس کی اہلیہ کو رہا کیا جائے، زین العابدین خلجی

حکومت کو سازش کے ذریعے گرا کر ملک غیر جمہوری قوتوں کے حوالے کر دیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی جنرل سیکرٹری خورشید احمد اور سردار زین العابدین خلجی نے پارٹی کے بانی عمران خان کو قید میں رکھنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حقیقت پوری دنیا پر عیاں ہو چکی ہے کہ اپریل 2022ء میں عمران خان کی جمہوری حکومت کو سازش کے ذریعے گرا کر ملک کو غیر جمہوری قوتوں کے حوالے کر دیا گیا ملک کے مقبول لیڈر اور اس کی اہلیہ کو رہا کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج تاریخی سچائی واضح ہو کر آگئی ہے کہ گزشتہ تین سال قبل اپریل 2022ء میں عمران خان کی جمہوری حکومت کو سازش کے ذریعے گرایا گیا جس میں پاکستان پر مسلط فارم 47 کے حکمرانوں نے ملک پر قابض ہونے کے لئے بین الاقوامی طاقتوں کے ساتھ ملکر جمہوری منتخب حکومت کے خلاف سازش کر کے مسترد شدہ لوگوں کو پارلیمنٹ میں بٹھا دیا گیا جمہوریت کو پابند سلاسل رکھنے کے لئے برسوں سے غاصبانہ نظام قائم کیا گیا ہے انٹرنیشنل میڈیا پلیٹ فارم نے سائفر کے اصل متن کو پوسٹ کر کے ثابت کر دیا کہ عمران خان سچا تھا اور اس کا بیانیہ بالکل درست تھا سائفر میں واضح طور پر حکم دیا گیا تھا کہ عمران کو عہدے سے ہٹا دیا جائے۔ موجودہ فارم 47 کی حکومت انٹرنیشنل میڈیا پر شائع ہونے والی رپورٹ کو جھٹلا کر دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ناحق جیل میں بند ہوئے 1000 سے زائد دن ہو چکے ہیں گزشتہ سال سے ان کی ملاقاتوں پر پابندی عائد ہے دنیا کے ہر قانون کے مطابق کسی قیدی کو مسلسل قید تنہائی میں رکھنا بدترین ذہنی اور جسمانی ٹارچر کہلاتا ہے۔ بشریٰ بی بی کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھا گیا ہے 8 اپریل کو بیرسٹر سلمان صفدر سے ملاقات میں عمران خان نے بتایا تھا کہ ان کی آنکھوں کی حالت میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے اور بصارت شدید متاثر ہو رہی ہے۔



صوبائی دارالحکومت میں طلباء طالبات کیلئے رہائشی سہولیات میں اضافہ کیا جائے

طلبا کی اکثریت رہائش، اچھی خوراک اور تعلیم کے اخراجات افورڈ نہیں کرسکتی، ظفر اللہ، مطیع اللہ

مالی طور پر کمزور والدین کے ہزاروں طلباء تعلیمی اخراجات کی وجہ سے تعلیم کو خیرباد کہہ دیتے ہیں، شوکت علی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) موجودہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں تعلیم کو عام اور طلبہ وطالبات کے مسائل مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے کے طول و عرض سے آنے والے طالبہ وطالبات کیلئے رہائشی کالونی بنائی جائے جہاں جہاں رہائشی کالونیاں کسی نہ کسی وجہ سے بند ہیں، انہیں فوری طور پر کھولا جائے تاکہ اس میں طلباء وطالبات تعلیم حاصل کرسکے، بلوچستان میں علی تعلیم کے حصول کیلئے طلباء وطالبات کو لیپ ٹاپ سکیم دی جائے جس میں وہ اپنے تعلیم کو جاری رکھنے پر توجہ دے کر مستقبل کے معمار بن کر ملک و قوم کی خصوصا معاشرے کی ترقی و خوشحالی کیلئے کردار ادا کرسکے، بلوچستان کے طلباء، آج بھی کالجوں، یونیورسٹیوں اور دیگر شعبوں میں جہاں وہ فنی مہارت ہو یا تعلیم حاصل کرتے ہیں یکسر رہائش، اچھی خوراک اور تعلیم ضروریات کو پوری نہیں کر سکتے، ایسے میں ہزاروں طلباء تعلیم کو خیرباد کہہ دیتے ہیں۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کوئٹہ کے طالب علم ظفر اللہ، مطیع اللہ، تنویر احمد، شوکت علی و دیگر نے بتایا ہے کہ ایف ایس سی اور بی ایس کے طلباء وطالبات آج بھی ہاسٹل کالونی سے محروم ہے، جسکی وجہ سے اکثر و بیشتر طلبہ وطالبات ہوٹلز اور پرائیویٹ ہاسٹلز میں مہنگے کرائے دینا پڑتا ہے، جو اس میں متعدد طلباء و طالبات تعلیم کو جاری نہیں رکھ سکتے ہیں اس کے علاوہ تمام طلباء، وطالبات کو غیر مشروط طور پر تعلیم کو جاری رکھنے کیلئے غیر مشروط طور پر سکالرشپ، اور معاوضہ دیا جائے ایک تو وہ دوسرے اپنے ضلع سے دوسرے ضلع جا کر یا اپنے صوبے سے دوسرے صوبے جا کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ تو دوسری جانب ان کو ہاسٹل یا کالونی نہیں ہوتے اگر ہوتی بھی ہے تو وہ کسی نہ کسی وجہ سے بند ہے، لہذا ہم حکومت بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں۔ کہ فوری طور پر طلباء وطالبات کی مالی معاونت کی جائے ان کے رہن سہن کیلئے جو عرصہ دراز سے مختلف کالونیاں کہیں پر بند ہے ان کو فوری طور پر کھولا جائے اور اسی طرح ایسے درسگاہیں بنائی جائے جہاں صوبے کے دیگر اضلاع سے طلباء، وطالبات آکر تعلیم کو جاری رکھا جاسکے۔ انہوں نے موجودہ وزیر اعلیٰ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ انکی کوشش ہے کہ وہ تمام تعلیمی اصلاحات کو بہتر بنائی جائے اور اس طرح طلباء وطالبات کے مسائل کو بھی امید ہے کہ سنجیدہ بنیادوں پر حل کرائی جاسکے۔

کاسی بحریہ ٹاؤن کے الاٹیز کے حق میں عدالتی فیصلہ پر عمل کرایا جائے، ندیم ترین

اسکیموں میں فوری ترقیاتی کام کا آغاز کر کے بجلی، پانی، سیوریج کی سہولت فراہم کی جائیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) الاٹیز ایکشن کمیٹی کاسی بحریہ ٹاؤن کے سرپرست اعلیٰ ندیم ترین اور صدر عارف علوی نے کہا ہے کہ کاسی بحریہ ٹاؤن کے الاٹیز کو عدالتی فیصلے پر فوری عملدرآمد کو یقینی بنا کر تمام اسکیموں میں فوری ترقیاتی کام کا آغاز کر کے بجلی، پانی، سیوریج اور الاٹیز کی اقساط 50 سے 60 فیصد مکمل ہیں ان کو پوزیشن لیٹر دیا جائے اور جن کی تمام رقم ادا ہو چکی ہے انہیں انتقالات دیئے جائیں۔ کم الاٹیز جو بیزار ہو کر اپنی فائلز واپس کیں انہیں موجودہ ریٹ کے حساب سے رقم واپس کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر آصف وحید سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کاسی بحریہ ٹاؤن بلیلی اور نوحصار میں 7000 الاٹیز نے پلاٹ لئے جس پر ڈی ایچ اور کاسی بحریہ ٹاؤن کا تنازع شروع ہوا اسی دوران کاسی اونرز نے قسطیں جمع نہ ہونے پر بہت سے الاٹیز کی فائلیں منسوخ کی اور جگہ جگہ ڈی ایچ

بجلی لائنوں اور کنڈکٹرز کی چوری میں اضافہ ہو رہا ہے، ترجمان کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) بجلی کے مین لائنوں اور ٹرانسمیشن لائن سے کنڈکٹرز (تاریں) اور دیگر برقی سامان کی چوری میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں بجلی کی فراہمی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ کیسکو کو مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گزشتہ روز کیسکو خاران سب ڈویژن کی حدود میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے بجلی لائنوں سے سامان چوری کرنے میں ملوث 2 افراد کو گرفتار کر لیا گیا جس کے بعد ملزم کے انکشاف پر حاجی سمیع ولد الٰہی بخش کو بھی گرفتار کر لیا گیا جس کے قبضے سے چوری شدہ بجلی کی تاریں اور ایک موٹر سائیکل برآمد ہوئے جن کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے

ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ معدنیات لوڈ نہ کریں، نور محمد شاہوانی

آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان آج پریس کلب کوئٹہ میں کیا جائے گا، صدر گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن آل بلوچستان متحدہ گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا ہے کہ آباد مستونگ اور دیگر علاقوں میں جلے ہوئے ٹرکوں سانحہ لکپاس میں جلے ہوئے ٹرک اور دیگر مسائل زیر غور آئے یاد رہے کہ چار دن میں یہ ہمارا دوسرا اجلاس تھا معدنیات لے جانے والے ٹرک کی ٹارگٹ کو انتہائی تشویشناک ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مشترکہ اجلاس کی صدارت کے دوران کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں خضدار ڈیرہ بگٹی سمیت تمام بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس میں قرار دیا گیا جس کی روک تھام کے سلسلے میں اور دیگر سنگین مسائل حل کرنے کے لیے اجلاس کا متفقہ فیصلہ ہوا کہ 19 جون 2026ء کو کوئٹہ پریس کلب میں 04 بجے بروز منگل کو پریس کانفرنس کریں گے اور اس میں اہم اعلانات کریں گے فی الحال تمام ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ معدنیات لوڈ نہ کریں باقی اعلانات پریس کانفرنس میں کریں گے

ٹریڈ یونین رہنماؤں کا شاہ علی بگٹی سے بہن کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) ملک بھر کے ٹریڈ یونین رہنماؤں نے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین اور بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی کی ہمشیرہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، مرکزی چیئرمین عبدالستار، خزانچی عبدالستار جونیئر، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہ علی بگٹی کی ہمشیرہ کی مغفرت کرے، ان کے درجات بلند فرمائیں اور مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں جبکہ تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا کرے۔

کاسی بحریہ ٹاؤن الاٹیز کے سرپرست ندیم ترین، عارف علوی، آصف وحید و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی اور غذائی تحفظ کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تحقیق ناگزیر ہے، ظہور بازئی

جامعہ بلوچستان میں پلانٹ سائنس اور خشک علاقوں پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس سے وی سی جامعہ کا خطاب

خشک علاقوں کی پائیدار ترقی کیلئے سائنس اور پالیسی کو یکجا کرنا ہوگا، ملکی و غیر ملکی ماہرین کی شرکت

یونیورسٹی آف بلوچستان میں زرعی ترقی اور حیاتی تنوع کے فروغ کیلئے سفارشات مرتب کی جائیں گی

کوئٹہ (خ ن) خشک علاقوں میں زراعت اور معیشت کے فروغ کیلئے عملی اقدامات پر زور یونیورسٹی آف بلوچستان میں "پلانٹ سائنس اور خشک علاقوں کا انتظام برائے زراعت اور حیاتی تنوع۔ پائیدار ترقی کی جانب ایک قدم" کے موضوع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز آج آڈیٹوریم ہال میں ہوا۔ کانفرنس میں ملک و بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے محققین، اساتذہ، طلبہ اور ماہرین نے شرکت کی۔ افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کہا کہ بلوچستان جیسے خشک علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی، پانی کی کمی اور غذائی تحفظ جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تحقیق اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جامعہ بلوچستان کی تحقیق کے ثمرات کسانوں اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچائے جائیں گے۔ کانفرنس کے فوکل پرسن اور شعبہ باٹنی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شمیم نے کہا کہ کانفرنس کا مقصد سائنس، پالیسی اور عملی اقدامات کو یکجا کر کے خشک علاقوں میں پائیدار زراعت اور معیشت کو فروغ دینا ہے۔ تقریب سے آر ڈبلیو آر پی۔ سی اے ای او کے ٹیم لیڈر جمیلہ نیکا، شعبہ باٹنی کی چیئرپرسن ڈاکٹر شازیہ سعید، کینیڈا کی میک گل یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر جو آن کیرن ویلن اور فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے ڈاکٹر محمد اعظم کاکڑ نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس میں طلب، محققین اور اساتذہ کی بڑی تعداد شریک ہوئی جبکہ نمایاں شرکاء میں شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ کانفرنس کل بھی جاری رہے گی جس میں تکنیکی سیشنز اور پینل ڈسکشنز کے ذریعے خشک علاقوں کی پائیدار ترقی کے لیے سفارشات مرتب کی جائیں گی۔

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

PAA

بولیاں مطلوب ہیں

درج ذیل دفتر کی جانب سے پی پی آر اے رول نمبر 36(b) کے مطابق درج ذیل ضروریات کے لیے پاکستانی روپے میں بولیاں مطلوب ہیں:

S. No.	EPAD Tender No.	Description & Bid No.	Fixed Bid Security (PKR)	Bid Submission Date & Time	Bid Opening Date, Time & Place	Basis PKR (Price
01	F-26051890169	PROCUREMENT OF TYRES FOR BARRACUDA ARFF VEHICLES AT PAA AIRPORTS **I.T.No.HQPAA/1984/384/XXLA**	1,846,700/-	08-06-2026 1100 Hours	08-06-2026 1130 Hours Log. Center (S) (Log. APS Branch)	F.O.R

بولیاں، پی پی آر اے ای۔ پاک ایکویزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) https://eprocure.gov.pk پر (بلا معاوضہ) دستیاب بولی دستاویزات میں بیان کردہ شرائط کے مطابق جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ بولی دہندگان کا بولی دستاویزات اور الیکٹرونک بولی جمع کروانے سمیت دیگر متعلقہ معلومات تک رسائی کے لیے پی پی آر اے ای۔ پاک ایکویزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (وفاق) کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔

بولیاں، بند ہونے کے وقت اور تاریخ سے قبل پی پی آر اے ای۔ پاک ایکویزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) ویب پورٹل https://eprocure.gov.pk کے ذریعے لازماً الیکٹرونکلی کے ساتھ ساتھ ٹھوس شکل میں بھی (سربمہر لفافے میں) بولی دستاویزات میں فراہم کردہ مخصوص طریقہ کار کے مطابق اچھی طرح پڑ کر کے تمام منسلک درکار معلومات کے ساتھ درج ذیل پتے پر مجوزہ شیڈول کے مطابق یا اس سے قبل جمع کروائی جائیں بصورت دیگر جمع کروائی گئیں بولیوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ سربمہر بولیاں اسی دن دیے گئے وقت پر کھولی جائیں گی۔ بولی دہندگان سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر پیشکشیں جمع کروادیں تاکہ آخری وقت پر کسی تکنیکی خرابی سے بچا جاسکے۔

[نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان فوری طور پر پی اے اے کو بولی کھلنے کی تاریخ اور وقت سے قبل آگاہ کریں گے اور فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (100 فیصد عمل درآمد کے ساتھ) کا ثبوت اور ایف بی آر کے جی ایس ٹی/این ٹی این سرٹیفکیٹس درج ذیل پتے پر جمع کروائیں گے۔]

اصل بولی ضمانت لازماً ٹیکنیکل پروپوزل (ٹھوس شکل سربمہر لفافے میں) کے ساتھ منسلک کی جائے گی اور بولی ضمانت کی نقل (پے آرڈر/ بینک گارنٹی) لازماً جمع کروانے کی آخری تاریخ اور وقت سے قبل بذریعہ EPADS آن لائن سبمشن بھی منسلک کی جائے گی۔

معاہدے کی کارکردگی کے لیے مہلت: معاہدے اور ضامنتی عرصے کی اطمینان بخش تکمیل تک ہے۔

پی اے اے معقول وجوہات کی بنا پر کسی یا تمام بولیوں کو منظور/ مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے جو بولی دہندگان کی درخواست پر بتادی جائیں گی۔

یہ اشتہار پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk اور پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

انتباہ: بولی دہندہ کی جانب سے جمع کردہ کسی قسم کا مالی انسٹرومنٹ، اگر جعلی نکلا یا کسی مرحلے پر ڈس آنر ہوگا تو اس کا نتیجہ بلیک لسٹ قرار پانے کی صورت میں برآمد ہوگا اور اس کے خلاف قانون کے مطابق عدالتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر، لاجسٹکس (اے پی ایس)

لاجسٹکس سینٹر (ساؤتھ)، ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی، پاکستان

ٹیلیفون: 021-9907-2689 فیکس: 021-9924-2784

www.paa.gov.pk

عزم استحکام

PID(K)3399/25

درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر میونسپل کمیٹی زہری کو درج ذیل خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے لوکل / ڈومیسائل باشندوں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ جن کی تفصیل ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام خالی آسامی	گریڈ	تعداد خالی آسامی	قابلیت	ٹیسٹ انٹرویو تاریخ
1	سینٹری انسپکٹر	B-09	02	انٹرمیڈیٹ	06-06-2026
2	لیڈنگ فائر مین	B-09	06	انٹرمیڈیٹ	06-06-2026
3	سینٹری سپروائزر	B-06	02	میٹرک	06-06-2026
4	ڈرائیور	B-04	10	مڈل پاس HTV/LTV لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہے	06-06-2026
5	فائر مین	B-04	12	مڈل پاس	06-06-2026
6	نائب قاصد	B-01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06-06-2026
7	کوک	B-01	03	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06-06-2026
8	چوکیدار	B-01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06-06-2026
9	مالی	B-01	04	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06-06-2026
10	سینٹری ورکر	B-01	18	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06-06-2026

شرائط: (1) درخواستیں دفتری اوقات کار میں 31 مئی 2026 تک وصول کی جائیں گی۔ (2) درخواست فارم کے ہمراہ تعلیمی دستاویزات، شناختی کارڈ کی کاپی اور لوکل / ڈومیسائل کی نقل دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر تصدیق شدہ دستاویزات منسلک کریں۔ (3) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا (4) عمر کی حد 18 سال سے 28 سال تک ہونی چاہیے تاہم عمر میں بالائی حد کی رعایت حکومت بلوچستان کی پالیسی کے تحت ہوگی۔ (5) ٹیسٹ / انٹرویو پر آنے والے کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔ (6) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے اور سلیکشن کمیٹی کو اختیار ہے کہ وہ بغیر بتائے ٹیسٹ یا انٹرویو منسوخ / ملتوی کرسکتا ہے۔ (7) انٹرویو کے دوران اصل دستاویزات لانا لازمی ہے۔ (8) حکومت بلوچستان کی پالیسی کے مطابق 5% معذور، 5% اقلیت اور 5% خواتین کیلئے ہے۔

چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی زہری

AB No1318/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob | @dgpr.balochistan

کوئٹہ: سرداب ... پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ: ... پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پولیس افسران کے تقرر و تبادلے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ... [illegible]

ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں آج بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ... [illegible]

اطلاع بابت ٹیسٹ / انٹرویوز محکمہ صحت ضلع جعفرآباد

بحوالہ اخباری اشتہارات نمبر PRQ No. 3519/28.01.2026 اور PRQ No. 4236/17.3.2026 کے مطابق جو درج ذیل خالی آسامیوں کے لیے محکمہ صحت ضلع جعفرآباد میں درخواستیں جمع کی گئیں تھیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی جعفرآباد کی منظوری کے بعد درج ذیل شیڈول کے مطابق محکمہ صحت ضلع جعفرآباد میں ٹیسٹ انٹرویوز منعقد ہونگے۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تاریخ و مقام تحریری امتحان / ٹیسٹ	تاریخ و مقام زبانی انٹرویوز
1	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر	12	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
2	ڈیٹا انٹری آپریٹر	12	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
3	الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
4	فزیوتھراپی ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
5	ڈائیلاسس ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
6	ای۔ سی۔ جی ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
7	آئی ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
8	لیبارٹری ٹیکنیشن	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
9	میڈیکل ٹیکنیشن (ICU)	09	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
10	تحصیل سینیٹری انسپکٹر	06	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
11	ویکسینیٹر	05	23 مئی 2026 (گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار) (وقت صبح 9.30 Am)	24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)
12	وارڈ بوائے (ICU)	02		24 مئی 2026 بمقام ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد (وقت صبح 10.00 Am)

شرائط: (1) ٹیسٹ / انٹرویوز میں شرکت کرنے والے امیدواران اپنی اصل اسناد اور تمام اصل کاغذات و ڈومیسائل / شناختی کارڈ اپنے ساتھ لائیں (2) تحریری امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران اپنے ساتھ امتحانی گتہ / بورڈ ہمراہ لائیں گے۔ (3) امتحانی ہال میں کسی بھی صورت میں موبائل فون ساتھ رکھنا منع ہوگا اور دوران ٹیسٹ اگر کسی بھی امیدوار سے موبائل فون برآمد ہوا تو فوری طور پر متعلقہ امیدوار کو امتحانی ہال سے نکال دیا جائے گا اور وہ آگے کے بھرتی کے عمل میں شریک نہیں ہو سکے گا۔ (4) ٹیسٹ / انٹرویوز میں آنے والے امیدواران کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا اور وہ اپنے سفری خرچ پر ٹیسٹ / انٹرویوز میں شرکت کریں گے۔

ضلعی ناظم صحت
جعفرآباد

PRQ No 5129/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051054983 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Municipal Committee Sherani invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 2000/- and Bid Security 3%**

S.#	Name of Work	E/Cost
1	SOLARIZATION OF VARIOUS MOSQUES IN VARIOUS WARDS OF DISTRICT SHERANI.	26,577,500

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is EE11(i) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy). Turn over of at least 18,604,250 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Authorized Representatives of company will only be allowed, having Authorization letter for the Schemes mentioned above. (The Authorization letter must be provided on Non- Judicial Stamp Paper Valuing Rs. 100, attested by first class Magistrate). Affidavit of correctness of information provided by bidder on Non- Judicial Stamp Paper Rs: 100 is mandatory All pages of financial as well technical bids must be signed, stamped & marked from 1st to last page. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03 June, 2026till 11:00 AM. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: MC Sherani District Head Quarter Sherani

Phone no: 3138949385 Email: aksshirani@gmail.com

**CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
SHERANI**

AB No.1313/18-5-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051051803 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Project Manager Strengthing of Fragile Eco-system invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1,000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 49625 CFT GABION STRUCTURE AT ZHOB CIVIL DIVISION (IN APPROVED STATE/PROTECTED FORESTS AREAS) PSDP No.1991 (205-26)	6,948,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,863,600 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm PEC Category Code is C-6 and above (Upto 25 million) Three 3 Projects of similar nature and complexity completed must be equal to 80% of the Estimated Cost in last three years. (Commencement/ Work Order and Successful Completion Certificates) Credit line 80% of Estimated cost (verified bank certificate) Audit Report 2023,2024,2025 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 June, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM **Address:** Office of Chief Soil Consevation Spiny Road Quetta Phone no: 8129204423Fax no:Email: afrasiabk00@gmail.com

**Divisional Forest Officer
o/o Chief Conservator Soil
Conservation Balochistan Quetta**

PRQ No.5118/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

مستحق خاندانوں کو پائیدار معاشی مواقع فراہم کریں گے، روبینہ خالد

بینظیر ہنر مند پروگرام اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کی ٹیموں کی مشاورت سے جامع پروگرام فریم ورک تشکیل دینگے

بینظیر ہنر مند پروگرام کے تحت 5000 سے زائد افراد کو مختلف شعبوں میں تربیت فراہم کی جا رہی ہے، ملک رؤف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کی وزیراعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن ملک رؤف اعوان سے ملاقات، بینظیر ہنر مند پروگرام اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے اشتراک سے خواتین فنکشنریز کیلئے سکل ٹریننگ اور روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے آج وزیراعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن ملک رؤف اعوان نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بینظیر ہنر مند پروگرام اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے باہمی اشتراک سے خواتین فنکشنریز اور ان کے گھرانوں کے افراد کیلئے سکل ٹریننگ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ علاوہ ازیں، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں، ٹیکنیکل ایجنسی ٹیوٹس اور مختلف ممالک کے ساتھ تعاون اور اشتراک کے مواقعوں پر بھی گفتگو کی گئی۔ اس اقدام پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے بینظیر ہنر مند پروگرام اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کی ٹیموں کے مابین باقاعدہ مشاورت کے ذریعے ایک جامع پروگرام فریم ورک تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا تاکہ مستحق خاندانوں کو پائیدار معاشی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق افراد کی سکل ٹریننگ کیلئے بین الاقوامی سرٹیفکیشنز کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت کے تعاون سے بینظیر ہنر مند پروگرام کے تحت 5000 سے زائد افراد کو مختلف شعبوں میں تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستحق خاندانوں کے افراد کی زندگیوں کو بہتر بنانے اور انہیں باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ خیبر پختونخوا، بلوچستان اور دیگر صوبوں کے ساتھ بھی اس حوالے سے مشاورت جاری ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن ملک رؤف اعوان نے بی آئی ایس پی بالخصوص بینظیر ہنر مند پروگرام کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں بینظیر ہنر مند پروگرام کی ٹیم بھی موجود تھی۔

ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی سیف سٹی ٹیم کیساتھ میٹنگ

موصول ہونے والی کالز پر پولیس کے ریسپانس ٹائم کو بہتر بنانے پر تفصیلی غور

ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر موجود کال ٹیکرز کی جدید تربیت پر اتفاق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی سیف سٹی اسلام آباد ٹیم سے میٹنگ۔ میٹنگ کے دوران پولیس آپریشن ہال سے براہ راست نگرانی کے عمل کو مزید تیز اور موثر بنانے اور پکار 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر موصول ہونے والی کالز پر پولیس کے ریسپانس ٹائم کو بہتر بنانے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ نے سیف سٹی اسلام آباد ٹیم سے میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ایس پی سیف سٹی/ پیٹرول اویس علی خان، آئی ٹی ٹیم اور انچارج پولیس آپریشن ہال نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران پولیس آپریشن ہال سے براہ راست نگرانی کے عمل کو مزید تیز اور موثر بنانے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی پکار 15 پر موصول ہونے والی کالز پر پولیس کے ریسپانس ٹائم کو بہتر بنانے اور ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر موجود کال ٹیکرز کی جدید تقاضوں کے عین مطابق تربیت کے انعقاد کو یقینی بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی سیف سٹی نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور عوامی شکایات پر فوری ردعمل دیا جائے۔

ڈیرہ مراد جمالی اور گنداواہ فائرنگ و حادثات کے واقعات میں تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور گنداواہ فائرنگ و حادثات کے واقعات میں تین افراد زخمی ہوگئے۔ ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود گوٹھ نویت میں شادی کی تقریب کے دوران ہوائی فائرنگ گولی لگنے سے نوجوان رفیق احمد ولد کریم بخش شدید زخمی ہوگیا جس کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا جبکہ تمبو گوٹھ اسماعیل زہری میں ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے ڈرائیور مختار علی زخمی ہوگیا جس کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا جبکہ گنداواہ بستی کمال شاہ روڈ حادثے میں بہادر سومرو زخمی ہو گئے جن کو ڈی ایچ کیو گنداواہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

بلوچستان حکومت کی اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کیساتھ تاریخی شراکت داری

3 لاکھ 50 ہزار سے زائد حاضر سروس ملازمین، پنشنرز اور ان کے خاندانوں کو کیش لیس طبی سہولیات و طبی تحفظ فراہم کیا جائیگا

اسٹیٹ لائف کا وسیع نیٹ ورک اور قائم شدہ طبی ڈھانچے سے یہ پروگرام انتظامی کارکردگی کو بہتر بنائے گا، شعیب جاوید حسین

کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ یہ صوبہ بھر میں ہیلتھ انشورنس کی ایک جامع اسکیم ہے، جو بلوچستان کے 3 لاکھ 50 ہزار سے زائد حاضر سروس سرکاری ملازمین، پنشنرز اور ان کے خاندانوں کو کیش لیس طبی سہولیات اور مکمل طبی تحفظ فراہم کرے گی۔ مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کرنے کی تقریب میں متعدد معززز اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی، جن انشورنس کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شعیب جاوید حسین شامل تھے۔ اس معاہدے پر مجیب الرحمان اور محمد عشر نے باضابطہ طور پر دستخط کیے۔ اس موقع پر اپنے بیان میں بلوچستان کے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ "ہیلتھ پروگرام" کے تحت ایک مکمل ڈیجیٹل اور کیش لیس ہیلتھ کیئر نظام متعارف کروایا جا رہا ہے، جو روایتی حکومت کو نمایاں مالی بچت بھی حاصل ہوگی۔ شعیب جاوید حسین کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کو اس امر پر فخر ہے کہ حکومت بلوچستان نے اس اہم پروگرام کے نفاذ کی ذمہ داری ہمارے سپرد کی ہے۔ اپنے ملک گیر نیٹ ورک، ڈیجیٹل کلیم مینجمنٹ سسٹم اور بڑے پیمانے پر ہیلتھ انشورنس خدمات کی فراہمی کے وسیع عملی تجربے کی بدولت اسٹیٹ لائف اس قابل ہے۔

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، ملک یاسین ناصر

کیسکو انتظامیہ بجلی کی درست وولٹیج کے ساتھ فراہمی کو یقینی بنائے، رحمت ناصر

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاغ سے مربوط علاقائی یونٹ کے اجلاس کی صدارت ملک یاسین ناصر نے کی۔ بجلی کی ناروا وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث ذہنی کوفت کا شکار ہو چکے ہیں۔ کم وولٹیج میں بجلی کی فراہمی سے گھریلو مشینریوں

ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب آگ لگنے سے چھ گھرانے جل گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب آگ لگنے سے چھ گھرانے جل گئے لاکھوں روپے کا سامان اناج گھریلو سامان جلکر راکھ ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گوٹھ صدیق میں اچانک آگ لگنے سے چھ گھرانے جل گئے جس سے اناج جمع پونجی گھریلو سامان جس کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جارہی ہے جلکر راکھ ہو گئے جبکہ فائر بریگیڈ نے ڈیرہ مراد جمالی سے موقع پر پہنچ کر مزید گھر جلنے سے بچالیا گیا

وندر، قومی شاہراہ پر تیل بردار کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

آگ پر فائر بریگیڈ نے قابو پالیا، مسافر بسوں میں تیل اسمگلنگ بند کرنے کا مطالبہ

وندر (یو این اے) لسبیلہ کے ساحلی شہر وندر کے قریب میں قومی شاہراہ این-25 پر مولانا پمپ کے مقام پر ایک تیل بردار کوچ میں اچانک ہولناک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گاڑی جل کر مکمل طور پر خاکستر ہوگئی۔ خوش قسمتی سے کوچ میں موجود ڈرائیور اور کلینر بروقت باہر نکلنے میں کامیاب ہوگئے جس کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آگ پر پوری طرح قابو پالیا، تاہم اس دوران کوچ مکمل طور پر تباہ ہو چکی تھی۔ اس اچانک حادثے کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی بھی کچھ دیر کے لیے بری طرح متاثر رہی، جسے بعد میں پولیس نے بحال کرایا۔ واضح رہے کہ اس وقت مکران تو کراچی اور لسبیلہ تو کراچی روٹ پر چلنے والی متعدد مسافر بسوں میں مبینہ طور پر ایرانی تیل کی اسمگلنگ کا خطرناک سلسلہ جاری ہے۔

کوئٹہ شدید گرمی کی لپیٹ میں، بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی

گنجان آباد علاقوں میں پانی کی شدید قلت، خواتین، بچے اور بزرگ سب سے زیادہ متاثر، شہر میں کاروباری و سرگرمیاں محدود

بجلی کی مسلسل بندش کے باعث پنکھے، کولر اور دیگر برقی آلات بند، کوئٹہ کے مضافاتی علاقوں میں بجلی کا طویل بریک ڈاؤن جاری

کوئٹہ شہر کے متعدد علاقوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے روزمرہ زندگی شدید متاثر، ٹیلرنگ اور الیکٹرک سامان کے تاجر پریشان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ان دنوں شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے جہاں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے ساتھ ساتھ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ مختلف علاقوں میں گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے شہری زندگی اور بنیادی سہولیات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث گھروں میں پنکھے، کولر اور دیگر برقی آلات بند پڑے ہیں جس سے گرمی کی شدت مزید ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ کئی علاقوں میں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی سپلائی بھی متاثر ہوئی ہے اور شہری پینے کے پانی کیلئے دربدر پھرنے پر مجبور ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں درجہ حرارت میں مزید اضافے کا امکان ہے، جس کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے باعث بلوچستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں کو معمول سے کم ریکارڈ کی جا رہی ہے کیونکہ شہری غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کر رہے ہیں۔

عوامی سوشل ویلفیئر حب کے وفد کی ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل سے ملاقات

گڈانی (یو این اے) عوامی سوشل ویلفیئر حب کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی اور انہیں علاقے کو درپیش مختلف عوامی و علاقائی مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل نے وفد کی گزارشات کو انتہائی سنجیدگی سے سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، سماجی ترقی اور علاقائی مسائل کے فوری حل کے لیے سول سوسائٹی اور ویلفیئر تنظیموں کے ساتھ ہر وقت مکمل تعاون کے لیے تیار ہے۔

اسلام آباد ماڈل پرزنز، تھانہ جات میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ

عوام کے ساتھ خوش اخلاقی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، آئی جی

معیار برقرار رکھنے کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، علی ناصر رضوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس، ترقیاتی و انتظامی امور کا جائزہ۔ اجلاس میں ماڈل پرزنز، تھانہ جات میں ترقیاتی کاموں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کو بروقت اور موثر پولیس سروسز کی فراہمی، ترقیاتی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بروقت، باوقار اور موثر پولیس سروسز کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، شفافیت اور فوری رسپانس اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

میر علی مدد جنگ عوام کے حقیقی اور ہردلعزیز رہنما ہیں، خیر اللہ جنگ

سریاب سے سینکڑوں افراد کا میر علی مدد جنگ پر اعتماد کا اظہار، پیپلز پارٹی میں شمولیت

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خیر اللہ جنگ نے کہا ہے کہ آنے والا وقت پاکستان پیپلز پارٹی کا ہے اور پارٹی بلوچستان میں پہلے سے زیادہ مضبوط، فعال اور منظم انداز میں عوامی خدمت کا سفر جاری رکھے گی۔ انہوں نے پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے تمام افراد کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نئے شامل ہونے والے کارکن پارٹی پیغام کو گھر گھر پہنچانے اور عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

عبدالخالق شاہوانی کا تبادلہ، عبدالبصیر نے چیف آفیسر تعینات

بلوچستان کے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرینگے، فرح عظیم شاہ

ہم ایمان معرکہ حق بلوچستان ہنٹس کا انعقاد کر رہے ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کو ان کے حقوق دلائیں گے، رکن اسمبلی

مقابلوں میں گوادر، تربت، پنجگور سے درجنوں بچے اور بچیوں سمیت بلوچستان بھر سے سینکڑوں نوجوان حصہ لے رہے ہیں

23 مئی کو خواتین اور 24 مئی کو فیملی میلہ ہوگا، سینئر صحافیوں شہزادہ ذوالفقار، سلیم شاہد، رضا الرحمن، عرفان سعید کے ہمراہ گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کی رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ ہم ایمان معرکہ حق بلوچستان ہنٹس کا انعقاد کر رہے ہیں بلوچستان کے نوجوانوں کو ان کے حقوق دلاتے ہوئے ان کے ہاتھ میں اسلحہ کی بجائے قلم دیکر انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کر رہے ہیں کیونکہ نوجوان ہی ہمارا قیمتی اثاثہ ہے جنہوں نے آنے والے وقت میں ملک اور صوبے کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے کوئٹہ میں آج سے شروع ہونے والے مقابلوں میں گوادر، تربت، پنجگور سے درجنوں بچے اور بچیوں سمیت بلوچستان بھر سے سینکڑوں کی تعداد میں حصہ لے رہے ہیں یہ بات انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، سینئر صحافیوں شہزادہ ذوالفقار، سلیم شاہد، سینئر نائب صدر پریس کلب کوئٹہ محمد افضل مغل، رضا الرحمن، بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، عبدالخالق رند، بنارس خان، رشید بلوچ، جبار شاہ، ظاہر ناصر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ فرح عظیم شاہ نے کہا کہ ایمان معرکہ حق بلوچستان ہنٹس میں صوبہ بھر سے خواتین، مرد، بچے اور بچیاں حصہ لے رہے ہیں 23 مئی کو خواتین اور 24 مئی کو فیملی میلہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس پلیٹ فارم سے پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لئے گزشتہ کئی عرصے سے کام کر رہی ہوں اور گزشتہ سال بھی پروگرام منعقد کیا گیا تھا انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہنٹس میں 300 نوجوان گانوں کے ایڈیشن میں حصہ لے رہے ہیں خوشی کی بات یہ ہے کہ اس ایڈیشن میں لڑکیوں کی بھی بڑی تعداد حصہ لے رہی ہے ایڈیشن آج سے شروع ہوگئے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ آئندہ اس پروگرام کو بلوچستان کے مختلف اضلاع جن میں تربت، شیرانی، قلعہ سیف اللہ میں بھی کرائیں گے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ مختلف اضلاع میں ووکیشنل تربیتی مراکز قائم کئے جائیں اس حوالے سے بلوچستان اسمبلی پاس کی گئی قرارداد پر بھی عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کروں گی انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں معاشی اور بیروزگاری کے حوالے سے پیدا ہونے والی مایوسی کو دور کرتے ہوئے انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔

پولیو مہم کے دوران انکاری والدین اور مسنگ چلڈرنز پر توجہ دی جائے، ڈی سی

ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر، ای اوسی ممبران، مانیٹرز نے مہم کے پہلے روز کی رپورٹ پیش کی

کلسٹرز، این ٹی، این اے، ریفیوزل کیسز اور مسڈ ہاؤسز کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پر فوری و خصوصی توجہ دینے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا جبکہ کلسٹرز، این ٹی، این اے، ریفیوزل کیسز اور مسڈ ہاؤسز کا جائزہ لیا گیا۔ انتظامیہ کی ٹیموں کو پولیو عملے کے ساتھ مکمل تعاون فراہم کرنے کی بھی ہدایات جاری کیں۔

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے بڈرز شدید مالی بحران کا شکار ہوگئے

اضافی درسی کتب کی طباعت خطرے میں پڑ گئی، وزیراعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل

مہنگائی، ٹرانسپورٹ اور اشاعتی اخراجات میں بے پناہ اضافہ، بڈرز نے فوری بلوں کی ادائیگی کا مطالبہ کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے تحت صوبے کے تعلیمی اداروں کیلئے سرکاری درسی کتب کی طباعت کرنے والے بڈرز شدید مالی مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں۔ بڈرز اور اشاعتی حلقوں نے حکومت بلوچستان اور چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ سے مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ غیر معمولی مہنگائی کے پیش نظر فوری طور پر طباعت کے ریٹس پر نظرثانی کرتے ہوئے متاثرہ بڈرز کو خصوصی ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ تعلیمی نظام متاثر ہونے سے بچ سکے۔ تفصیلات کے مطابق یکم دسمبر 2025 کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے ٹینڈر کے ذریعے مختلف بڈرز کو سرکاری درسی کتب کی طباعت کی ذمہ داریاں سونپی گئی تھیں۔ بڈرز نے سخت مقابلے کے ماحول میں انتہائی کم نرخوں پر ٹینڈرز حاصل کیے تھے۔ تاہم بعد ازاں بین الاقوامی صورتحال خصوصاً امریکہ ایران کشیدگی اور جنگی ماحول کے باعث ملک بھر میں مہنگائی کا شدید طوفان آ گیا جس کے نتیجے میں کاغذ، سیاہی، بجلی، پرنٹنگ پریس، ٹرانسپورٹ اور دیگر اشیا کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہوگیا۔ بڈرز کے مطابق گزشتہ سال ایک ٹرک کا کرایہ ایک لاکھ بیس ہزار روپے تھا جبکہ موجودہ سال یہ کرایہ بڑھ کر دو لاکھ ساٹھ ہزار روپے تک پہنچ چکا ہے۔ اسی طرح اشاعتی اداروں کے اخراجات، مزدوری، بجلی کے بلز اور طباعتی سامان کی قیمتوں میں بھی بے تحاشا اضافہ ہوا ہے جس کے باعث پہلے سے طے شدہ ریٹس پر کام جاری رکھنا انتہائی دشوار ہو گیا ہے۔ متاثرہ بڈرز کا کہنا ہے کہ حکام کی جانب سے انہیں یقین دہانی کروائی گئی تھی کہ غیر معمولی مہنگائی کے باعث انہیں مناسب ریلیف دیا جائے گا، تاہم اس کے برعکس اب کام میں مزید دس فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے

کوئٹہ میں تیز رفتار گاڑی نے نوجوان کو اڑا دیا

مہنگائی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف جے یو آئی مدنی یونٹ اوتھل کا اجلاس

حکمران آئی ایم ایف کی غلامی میں قوم پر مہنگائی کے بم گرا رہے ہیں، مولانا عبدالحمید

اوتھل (یو این اے) جمعیت علما اسلام مدنی یونٹ حلقہ اوداان اوتھل کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اور ہنگامی اجلاس مدنی یونٹ کے امیر و جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جے یو آئی پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی جانب سے 22 مئی بروز جمعہ ملک میں بڑھتی ہوئی معاشی ابتری، بدترین مہنگائی اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف دی گئی احتجاجی کال کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ ملک بھر کی طرح ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں بھی اس سلسلے میں ایک بہت بڑا اور بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف اور جے یو آئی اوتھل کے امیر، شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور بے جا اضافے نے پورے ملک کو شدید مہنگائی کی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ آٹا، چینی، بجلی، گیس اور روزمرہ استعمال کی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ غریب عوام کے لیے بالکل ناقابل برداشت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا غریب، مزدور، دیہاڑی دار اور متوسط طبقہ شدید ذہنی و معاشی پریشانی کا شکار ہے جبکہ موجودہ حکمران عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔ رہنماؤں نے حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکمران آئی ایم ایف کی غلامی میں اندھے ہو کر قوم پر مسلسل مہنگائی کے بم گرا رہے ہیں



ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاونت کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ایکشن، 48 خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد

غیر معیاری خوراک کی تیاری و فروخت کرنے پر 71 فوڈ بزنس آپریٹرز کو اصلاحی نوٹسز جاری کر دیے گئے

سمنگلی روڈ، شاہ کشاہ روڈ، پرنس روڈ، مسجد روڈ، ٹیکسی اسٹینڈ، نواکلی، سریاب روڈ اور جنگ اسٹاپ پر کارروائیاں

فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سڑک کنارے پکوڑے، سموسے اور دیگر کھلے کھانے فروخت کرنیوالے پوائنٹس کا بھی معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر ناقص، مضر صحت اور غیر معیاری خوراک کی تیاری و فروخت کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی صوبہ بھر میں متحرک ہے۔ اس سلسلے میں دکی، خضدار، ڈیرہ اللہ یار، خاران اور کوئٹہ میں جاری خصوصی کارروائیوں کے دوران مختلف بیکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز، مصالحہ شاپس، نان شاپس، آئسکریم مینوفیکچرنگ یونٹس اور اسٹریٹ فوڈ پوائنٹس کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ ازیں ناقص صفائی، غیر محفوظ خوراک اور بدترین حالات پر ایک بیکری یونٹ کو سیل بھی کر دیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں بشمول سمنگلی روڈ، شاہ کشاہ روڈ، پرنس روڈ، مسجد روڈ، ٹیکسی اسٹینڈ، نواکلی، سریاب روڈ اور جنگ اسٹاپ پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا۔ اس دوران جعلی مشروبات تیار و فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے جعلی ایکسپائرڈ اشیاء خورد و نوش، ممنوعہ چائنیز نمک، نان فوڈ گریڈ کلرز اور غیر معیاری اجزا بھی برآمد کیے گئے جنہیں موقع پر تلف کر دیا گیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سڑک کنارے پکوڑے، سموسے اور دیگر کھلے کھانے فروخت کرنے والے فوڈ پوائنٹس کا بھی معائنہ کیا جہاں ناقص صفائی، آلودہ تیل کے استعمال اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں پر سخت ایکشن لیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق بغیر لائسنس فوڈ بزنس کرنے والے متعدد یونٹس کو وارننگز جاری کرتے ہوئے

بعدالت خصوصی جج انسداد دہشت گردی نوشکی

اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان

مقدمہ FIR نمبر 04/2022 CTD خاران 353,3,4,5 Exp, 34 PPC 186 7 ATA

گوارش خاران کو لازم ہے کہ بتاریخ 11 جون 2026 کو بمقام ATC کورٹ نوشکی اس عدالت میں (بذات خود یا بذریعہ وکیل) جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ نوشکی

PRQ No 5133/18-05-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051056691 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** T/Fee 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 2,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 08 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 08 June, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Brewery Road Near CASVAB quetta

Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147

Email: dgfflddd@gmail.com

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

PRQ No.5120/18-05-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت خصوصی جج انسداد دہشت گردی نوشکی

مقدمہ FIR نمبر 04/2022 CTD خاران 353,3,4,5 Exp, 34 PPC 186 7 ATA

بتاریخ 11 جون 2026 کو بمقام ATC کورٹ نوشکی اس عدالت میں حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ نوشکی

PRQ No 5132/18-05-2026

بعدالت خصوصی جج انسداد دہشت گردی نوشکی

مقدمہ FIR نمبر 18/2023 CTD خاران 302,324,353 186 ,34 7ATA PPC

بتاریخ 11 جون 2026 کو بمقام ATC کورٹ نوشکی اس عدالت میں حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ نوشکی

PRQ No 5138/18-05-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت خصوصی جج انسداد دہشت گردی نوشکی

مقدمہ FIR نمبر 28/2021 CTD خاران PPC 324,3,4,5 Act 7 ATA,427,Exp

بتاریخ 11 جون 2026 کو بمقام ATC کورٹ نوشکی اس عدالت میں حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ نوشکی

PRQ No 5135/18-05-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 19 مئی 2026ء

ترقیاتی بجٹ کا اجراء کارکردگی کی بنیاد پر، درست سمت میں فیصلہ کن اقدام

ایک خبر کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز ترقیاتی بجٹ کے منصوبوں سے متعلق اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے بتایا ہے کہ آئندہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگایا جائے گا جن کے نتائج یقینی ہوں، پانی کے ذخائر اور پن بجلی کے منصوبے ترقیاتی بجٹ خرچ کرنے کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ اجلاس میں مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اہم فیصلے کئے گئے جہاں تک ترقیاتی بجٹ کا اجراء کارکردگی سے مشروط کرنے کا فیصلہ ہے انتہائی اہم ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ درست سمت میں ایک فیصلہ کن اقدام ثابت ہوگا۔ وزیر اعظم کی جانب سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کے لئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کرنے کا اعلان دراصل حکمرانی کے اس جدید تصور کی جانب پیش قدمی ہے جس میں وسائل کی تقسیم محض روایتی طریقہ کار کے تحت نہیں بلکہ کارکردگی، نتائج اور عوامی مفاد کو سامنے رکھ کر کی جاتی ہے، اور یہی وہ طرز حکمرانی ہے جس کی آج پاکستان کو اشد ضرورت ہے کیونکہ ملک ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں محدود وسائل کے باوجود بڑھتی ہوئی آبادی، توانائی بحران، آبی قلت، مہنگائی، بے روزگاری اور عالمی معاشی دباؤ جیسے مسائل کا بیک وقت سامنا ہے، ایسے میں حکومت کی یہ پالیسی کہ عوام کا پیسہ صرف ان منصوبوں پر خرچ کیا جائے گا جن کے نتائج یقینی ہوں گے نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ مستقبل کی ترقی کی ضمانت بھی بن سکتی ہے کیونکہ ماضی کی تلخ حقیقت یہ رہی ہے کہ ترقیاتی منصوبے اکثر تاخیر، لاگت میں اضافے اور غیر مؤثر منصوبہ بندی کا شکار رہے جس سے قومی خزانے پر بوجھ بڑھا اور عوام کو مطلوبہ ثمرات حاصل نہ ہو سکے، مگر اب کارکردگی کو بجٹ سے جوڑنے کا فیصلہ اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ وسائل امانت ہیں اور انہیں وہیں صرف کیا جانا چاہئے جہاں سے قوم کو حقیقی فائدہ پہنچے، یہ فیصلہ وزارتوں کے درمیان صحت مند مسابقت کو فروغ دے گا، اداروں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ترغیب دے گا اور حکومتی نظام میں جوابدہی اور شفافیت کے نئے باب کا آغاز کرے گا، اس فیصلے کی اہمیت اس لئے بھی بڑھ جاتی ہے کہ موجودہ حکومت نے ایسے وقت میں اقتدار سنبھالا جب معیشت عدم استحکام کا شکار تھی، زرمبادلہ کے ذخائر دباؤ میں تھے، عالمی سطح پر مہنگائی عروج پر تھی اور توانائی کا بحران صنعت و تجارت کے لئے بڑا خطرہ بن چکا تھا، ان مشکل اور نامساعد حالات میں حکومت نے نہ صرف معیشت کو سنبھالنے کی کوشش کی بلکہ ترقیاتی عمل کو جاری رکھنے کا عزم بھی ظاہر کیا، مالی نظم و ضبط، بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے مذاکرات، سرمایہ کاری کے فروغ اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات جیسے اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت نے بحران سے نکلنے کے لئے سخت مگر ضروری فیصلے کئے اور یہی فیصلے اب ترقیاتی منصوبوں کو نتیجہ خیز بنانے کی بنیاد بن رہے ہیں، ترقیاتی بجٹ میں پانی کے ذخائر اور پن بجلی کے منصوبوں کو اولین ترجیح قرار دینا ایک دور اندیش اور قومی مفاد پر مبنی فیصلہ ہے کیونکہ پانی کا بحران آنے والے برسوں میں پاکستان کے لئے سب سے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور ماہرین بارہا خبردار کر چکے ہیں کہ اگر ذخیرہ کرنے کی صلاحیت نہ بڑھائی گئی تو زرعی معیشت، صنعتی پیداوار اور شہری زندگی شدید متاثر ہو سکتی ہے، اسی لئے بڑے آبی منصوبوں کی تکمیل نہ صرف وقت کی ضرورت ہے بلکہ قومی بقا کا تقاضا بھی ہے کیونکہ ڈیم صرف پانی ذخیرہ کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ سستی بجلی، زرعی پیداوار میں اضافہ، سیلاب سے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کے لئے بھی ناگزیر ہیں، سستی بجلی صنعتی ترقی کا پہیہ تیز کرتی ہے، برآمدات میں اضافہ کرتی ہے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرتی ہے، یہی وجہ ہے کہ توانائی میں خود کفالت کسی بھی ترقی پذیر ملک کے لئے بنیادی ستون کی حیثیت رکھتی ہے، وزیر اعظم نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دینے کا عزم بھی متواتر دہرایا ہے اس ماڈل سے نہ صرف حکومتی وسائل پر دباؤ کم ہوتا ہے بلکہ منصوبوں کی تکمیل کی رفتار بھی بڑھتی ہے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ ملتا ہے اور سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھلتے ہیں، نجی شعبے کی شمولیت پاکستان کے لئے خاص طور پر اس لئے اہم ہے کہ اس سے بیرونی سرمایہ کاری کا اعتماد بھی بحال ہو سکتا ہے اور ملک میں کاروباری ماحول بہتر ہو سکتا ہے علاوہ ازیں متذکرہ بالا اجلاس میں بعض وزارتوں کی کارکردگی کو خاص طور پر سراہا گیا ہے یہ بھی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ کسی بھی نظام میں بہتر کارکردگی کی حوصلہ افزائی اداروں کے مورال کو بلند کرتی ہے اور دیگر اداروں کو بھی بہتر نتائج کے لئے متحرک کرتی ہے، یہ پیغام واضح ہے کہ جو ادارہ بہتر کارکردگی دکھائے گا اسے وسائل بھی زیادہ ملیں گے اور یہی اصول ترقی یافتہ ممالک کی کامیابی کا راز ہے، اس وقت ملک میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری کا عمل جاری ہے اور ایسے میں وزیر اعظم کا یہ فیصلہ امید کی ایک نئی کرن ہے کہ آنے والا بجٹ عوامی توقعات اور قومی ضروریات کا حقیقی آئینہ دار ہوگا کیونکہ عوام ہمیشہ بجٹ سے ریلیف، روزگار، مہنگائی میں کمی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کی توقع رکھتے ہیں، اگر ترقیاتی فنڈز کو کارکردگی سے مشروط کر دیا جائے تو یقیناً عوام کو اس کے مثبت اثرات جلد محسوس ہوں گے، بہتر سڑکیں، مضبوط انفراسٹرکچر، سستی بجلی، بہتر آئی ٹی نظام اور جدید ریلوے جیسے منصوبے دراصل عوامی خوشحالی کی بنیاد بنتے ہیں اور جب حکومت کی جانب سے یہ اعلان ہوتا ہے کہ عوام کا پیسہ صرف ایسے منصوبوں پر خرچ ہوگا جن کے نتائج یقینی ہوں گے تو اس سے عوام میں بہت زیادہ اعتماد بڑھتا ہے حکومت کی ساکھ بہتر اور مضبوط ہوتی ہے نیز یہ اس بات کی بھی علامت ہے کہ حکومت محض وقتی اقدامات کے بجائے دیرپا اور پائیدار ترقی کے لئے سنجیدہ ہے، اگر اس پالیسی پر تسلسل کے ساتھ عمل جاری رکھا گیا تو نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز ہوگی بلکہ قومی معیشت بھی مضبوط بنیادوں پر استوار ہو سکے گی، یہ فیصلہ دراصل ایک ایسے پاکستان کی تصویر پیش کرتا ہے جہاں ترقیاتی منصوبے کاغذی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ حقیقی معنوں میں عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرتے ہیں، یہی وہ سمت ہے جس کی قوم کو ضرورت ہے اور یہی وہ پالیسی ہے جس کی بھرپور حمایت ہونی چاہئے کیونکہ کارکردگی پر مبنی بجٹ ہی مضبوط معیشت، مستحکم گورننس اور عوامی خوشحالی کی ضمانت بن سکتا ہے۔

انسانی رشتوں کے احترام کی علامت الطاف حسن قریشی

برملا — نصرت جاوید



بیکار کے دن

اظہار خیال — ایاز امیر

اس بے لوث عزیزی سے ہی سب کچھ حاصل ہونا ہے

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

امن زندگی ہے جنگ بربادی ہے

قرطاس — ناصف اعوان

28ویں آئینی ترمیم کی بازگشت، ووٹر کی عمر پر بحث اور حکومتی ابہام

تلخ حقیقت — اعظم خان

اٹھارویں ترمیم کا خاتمہ اور کشمیر

لعل و گوہر — روشن لعل

پاکستان کے آئین میں پارلیمانی جماعتوں کے وسیع تر اتفاق رائے سے کی گئی 18ویں ترمیم کا پاکستان یا بھارت کے زیر انتظام کشمیروں کے ساتھ براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔ سوچا جا سکتا ہے کہ جب پاکستان اور بھارت کے زیر انتظام کشمیر کے دونوں حصوں میں سے کسی کا بھی اٹھارویں ترمیم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں تو پھر زیر نظر تحریر کا عنوان "اٹھارویں ترمیم کا خاتمہ اور کشمیر" کیوں رکھا گیا ہے۔ کشمیر کے دونوں حصوں کا اٹھارویں ترمیم سے تو براہ راست کوئی تعلق نہیں لیکن اس ترمیم کو اٹھائیسویں ترمیم کے ذریعے آئین سے حذف کرنے کی باتیں سامنے آنے کے بعد کچھ ایسے سوالات پیدا ہوئے ہیں جو مسئلہ کشمیر کے اس خواہش کردہ حل کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں جس کے خواب ہماری قوم کو سوتے جاگتے دکھائے گئے۔ جن سوالات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، ان کی اہمیت کو اس وقت تک نہیں سمجھا جا سکتا جب تک یہ بات مدنظر نہ رکھی جائے کہ مسئلہ کشمیر کیا ہے اور ہمیں اس کے حل کے کون سے خواب دکھائے جاتے ہیں۔ ہماری ریاست کے نزدیک مسئلہ کشمیر کا واحد قابل قبول حل یہ ہے کہ اقوام متحدہ کی 1948ء میں منظور کردہ قرارداد نمبر 47 کے مطابق کشمیریوں کو استصواب رائے کا موقع فراہم کیا جائے تا کہ وہ کشمیر کے پاکستان یا بھارت میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق فیصلہ کر سکیں۔ استصواب رائے کے ...

... کے استعمال نہیں کریں گے بلکہ یہ ضرور دیکھیں گے کہ بحیثیت کشمیری قوم، کس ملک کے ساتھ الحاق کی صورت میں ان کی قومی و علاقائی وحدت قائم رہے گی، ان کے وطن کے وسائل پر ان کا پہلا حق تسلیم کیا جائے گا اور ان کے سماجی، معاشی، قومیتی و انسانی حقوق کا بہتر تحفظ ممکن ہو سکے گا۔
واضح رہے کہ مہاراجہ ہری سنگھ کی طرف سے کشمیر کے بھارت کے ساتھ الحاق کے اعلان سے پہلے، وہاں کے معروف سیاسی رہنما شیخ عبداللہ اور مہاراجہ ایک دوسرے کے بدترین مخالف تھے۔ ہندوستان کی تقسیم کے فوراً بعد کشمیر پر پاک، بھارت جنگ شروع ہونے پر جب معاملہ اقوام متحدہ تک پہنچا تو وہاں یہ قرارداد منظور ہوئی کہ کشمیریوں کو پاکستان یا بھارت میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق کرنے کا آزادانہ موقع فراہم کیا جائے گا۔ اس قرارداد کی منظوری کے بعد یہ ہوا کہ کشمیر کا جتنا بھی حصہ پاکستان اور بھارت کے زیر انتظام آیا تھا وہاں ان ...

بجٹ اور توانائی کی قیمتیں

دسترس — میاں عمران احمد



شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت، شہری بوند بوند کو ترس گئے

فنڈز کی عدم دستیابی، واٹر سپلائی موٹریں خراب، قیامت خیز گرمی میں صارفین ذہنی کوفت میں مبتلا

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام، شہریوں میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے

استا محمد (نامہ نگار) استا محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت میں پائپ لائن جا بجا ٹوٹ پھوٹ کا شکار پانی کی سپلائی منقطع ہو گئی شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئے قیامت خیز گرمی میں صارفین شدید ذہنی کوفت میں مبتلا فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے واٹر سپلائی کی پانی کی موٹریں خراب ہو گئے پی ایچ ای کے ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام شہریوں میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے حکام بالا فوری نوٹس لے استا محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کے دور جدید میں استا محمد کے شہری پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں پانی کی مین پائپ لائن جا بجا ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس کی وجہ سے شہری پینے کے صاف پانی سے محروم ہو گئے جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مقامی افسران کی۔۔۔

بلڈ پریشر خاموش قاتل ہے، ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے پر پیغام

نصیر آباد (نامہ نگار) ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے پر ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کا اہم پیغام بلڈ پریشر ایک خاموش قاتل ہے جانچ کرانا زندگی بچا سکتا ہے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے شعبہ امراض قلب کے ڈاکٹر محمد اسماعیل جنگ نے 17 مئی ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے کے موقع پر عوام سے موثر پیغام دیا ہے اس موقع پر ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ماہر امراض قلب ڈاکٹر عبدالغفار ہاشمی، ڈاکٹر عبدالقدیر ابڑو، ڈاکٹر دیدار بھنگر، ڈاکٹر وحید مستوئی، ڈاکٹر شبیر سامت، ڈاکٹر ذیشان مستوئی، ڈاکٹر غلام سرور بگٹی، ڈاکٹر اشفاق صاحب، ڈاکٹر رضا مصطفی صاحب نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ ہائپر ٹینشن ایک ایسا مرض ہے جو بغیر کسی علامت کے دل، دماغ اور۔۔۔

رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی سے علاقائی سپورٹس کمیٹی عوامی گروپ کے چیئرمین محمد احمد اور عطاء اللہ عبدالرحمان زئی ملاقات کر رہے ہیں

جھالاوان میڈیکل کالج کے نئے پرنسپل ڈاکٹر ارشاد زہری کو مبارکباد

خضدار (بیورو رپورٹ) اپیکا جھالاوان میڈیکل کالج یونٹ کے صدر مسعود احمد قلندرانی، جنرل سیکریٹری جمشید مراد مینگل، نائب صدر جمیل احمد، جونیئر نائب صدر میر ریحان زہری، ڈپٹی جنرل سیکریٹری سلیم الٰہی چنال، جوائنٹ سیکریٹری فیصل انور مینگل، فنانس سیکریٹری عبدالجلیل بزنجو، ڈپٹی فنانس سیکریٹری حافظ سعید احمد لہڑی، انفارمیشن سیکریٹری مولانا عبدالحفیظ قلندرانی، آفس سیکریٹری اختر جان مینگل، اقلیتی ممبر سلمان خالد مسیح، سینئر رہنما ندیم رخشانی، عبدالحمید بلوچ، مولانا بلال احمد مرودی، محمد عالم، عبدالمطلب رودینی، شعیب احمد، رسول بخش مینگل و دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جھالاوان میڈیکل کالج کے نئے تعینات ہونے والے پرنسپل اسسٹنٹ پروفیسر سرجن ڈاکٹر ارشاد احمد زہری کو اپیکا جھالاوان میڈیکل کالج یونٹ کی طرف سے تقرری پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔2فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا او تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدی شناختی کارڈ

میرا قومی شناختی کارڈ بنام حاجی عبدالستار ولد حاجی بہاؤ الدین دو عدد اے ٹی ایم کارڈ مجھ سے کہیں گر گئے ہیں جس کو ملے پریس کلب مسلم باغ پہنچا دیں

نمائندہ مسلم باغ ۔۔۔۔۔۔۔

گمشدی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430103473485 بنام سید سیف اللہ ولد سید محمد عظیم کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03082245573 پر مطلع کریں

نمائندہ میزئی اڈہ ۔۔۔۔۔۔۔

راحیلہ درانی کے ساتھ اسپیکر کا رویہ برداشت نہیں، منیر بگٹی

ایوان کے فلور پر نامناسب رویہ پوری پارٹی اور کارکنوں کی توہین ہے

بگٹی (پ ر) صوبائی صدر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) بلوچستان منیر احمد بگٹی، جنرل سیکریٹری خان موسیٰ خان ترنجگ صوبائی سینئر نائب صدر ایڈووکیٹ آصف سلامت، نائب ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات و کسان مزدور ونگ منظور ملکسی، سیکریٹری اطلاعات صابر احمد، سینئر نائب صدر ڈاکٹر نعیم بلوچ اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ تحت بیان میں کہا ہے کہ راحیلہ خان درانی کے ساتھ اسپیکر کی جانب سے اختیار کیا گیا غیر پارلیمانی، توہین آمیز اور آمرانہ رویہ کسی صورت برداشت نہیں، رہنماؤں نے کہا کہ راحیلہ خان درانی نے ہر مشکل وقت میں پارٹی کا دفاع کیا، کارکنوں کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں اور مسلم لیگ (ن) کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ آج انہی کے ساتھ ایوان کے فلور پر نامناسب رویہ اختیار کرنا پوری پارٹی اور کارکنوں کی توہین ہے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کا ہر کارکن میڈم راحیلہ خان درانی کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑا ہے۔ اگر اسپیکر نے فوری طور پر اپنے رویے پر غیر مشروط معافی نہ مانگی تو بلوچستان بھر میں شدید احتجاج، پریس کانفرنسز اور سیاسی ردعمل کا آغاز کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری اسپیکر پر عائد ہوگی۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ اسپیکر کا رویہ جمہوری اقدار کے بجائے آمریت اور ڈکٹیٹرشپ کی عکاسی کرتا ہے، جو کسی بھی صورت مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کو قبول نہیں انہوں نے صوبائی صدر، گورنر بلوچستان اور مرکزی قیادت سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، اسپیکر کو پارٹی اور میڈم راحیلہ خان درانی سے معافی مانگنے کا پابند بنایا جائے اور ایسے غیر جمہوری رویوں کا راستہ روکا جائے

نصیر آباد، مس انفارمیشن مینجمنٹ اور روٹین ایمونائزیشن پر تربیتی ورکشاپ

نصیر آباد (نامہ نگار) صحافت اور صحت عامہ کا باہمی رشتہ ای پی آئی بلوچستان کے زیر اہتمام "مس انفارمیشن مینجمنٹ اور روٹین ایمونائزیشن" پر تربیتی ورکشاپ ای پی آئی ہیڈ کوارٹر کوئٹہ میں بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے لیے "مس انفارمیشن مینجمنٹ اور روٹین ایمونائزیشن" کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس اہم اور معلوماتی ورکشاپ میں بلوچستان کے 37 اضلاع سے تعلق رکھنے والے سینئر صحافیوں نے شرکت کی، جہاں صحت عامہ اور ذمہ دار صحافت کے باہمی تعلق پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ 16 مئی کو منعقدہ اس تربیتی نشست کا بنیادی مقصد صحافیوں کو حفاظتی ٹیکہ جات، روٹین ایمونائزیشن، صحت سے متعلق عوامی آگاہی اور سوشل میڈیا پر پھیلنے والی غلط معلومات و افواہوں کے اثرات سے آگاہ کرنا تھا، تاکہ میڈیا نمائندگان عوام تک درست، مستند اور تحقیق شدہ معلومات پہنچا سکیں۔ ورکشاپ سے ای پی آئی بلوچستان کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر آفتاب حسین کاکڑ، ضیاء الرحمن سمالانی، ڈاکٹر نور ترکی، خیر بخش بلوچ اور مس زوبائے خطاب کیا پر شرکاء سے اپیل کی گئی کہ وہ صحت عامہ، حفاظتی ٹیکہ جات اور مس انفارمیشن کے خلاف آگاہی مہم میں بھرپور کردار ادا کریں۔

اطلاع عام

گودام نمبر 35/80 رقبہ 335 فٹ واقع ترک اسٹینڈ سٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ جو کہ اس وقت قمر گل، محمد ادریس، بی بی رابعہ، محمد موسیٰ، محمد ہارون، محمد صدیق، رقیہ، احمد کے نام ہے اور اب روح اللہ ولد عبدالعلیم کے نام کراتا ہے جس کو اعتراض ہو 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے آفس سے رابطہ کریں۔

R 63150

گمشدی کاغذات

میری موٹر سائیکل کے اصل کاغذات رجسٹریشن نمبر MZ4051 بنام محمد یونس خان ولد حاجی سلیمان خان کہیں گم ہو گئے ہیں جس کو ملے وہ موبائل نمبر 03218114332 پر مطلع کریں

R 63146

گمشدی شناختی کارڈ

میرے والد کا پرانا شناختی کارڈ نمبر 50228357220 بنام رضا خان ولد اللہ داد پشین میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03128280807 پر رابطہ کریں

R 63152

گمشدی شناختی کارڈ

میرے چچا کا پرانا شناختی کارڈ نمبر 50160430388 بنام لونگ ولد رضا خان پشین میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03128280807 پر رابطہ کریں

R 63152

حبیب الرحمٰن رند، سعید سیلاچی کا ورکنگ جرنلسٹ میڈیا آفس کا دورہ

نئی کابینہ کی تشکیل پر عہدیداران کو مبارکباد پیش اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈی سی چمن نے بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر دیا

ضلع چمن (ث ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی اور اے ڈی سی چمن فدا بلوچ نے نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن میں بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نوید بادینی ڈپٹی ڈی ایچ او عبدالرشید اچکزئی ایم ایس نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن اوس پولیو ٹیموں کے آفیسرز سکیورٹی آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر کہا کہ پولیو وائرس کی مکمل خاتمے تک ہمیں تمام پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات ایمانداری اور دیانتداری سے انجام دینے ہوں گے اور کا خاتمہ ہماری قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائے جائیں گے اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی غفلت اور کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا

قلعہ عبداللہ، مویشی منڈی، ڈیری فارمز میں اینٹی کانگو وائرس اسپرے مہم کا آغاز

ضلع قلعہ عبداللہ (ث ن) منسٹر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی، سیکریٹری لائیو سٹاک بلوچستان محمد داؤد بازئی ڈائریکٹر جنرل ایکسٹینشن ہیلتھ ڈاکٹر محمد فاروق ترین کے خصوصی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک قلعہ عبداللہ ڈاکٹر تاج دین ترین ڈی سی قلعہ عبداللہ منور حسن گمسی نے بلوچستان بھر کی طرح قلعہ عبداللہ گلستان بازار لاجور حبیب زئی میں مویشی منڈی اور ڈیری فارمز میں اینٹی کانگو وائرس اسپرے مہم کا آغاز کیا اس دوران انہوں نے تمام مویشی وگائے بھینس منڈیوں میں اینٹی کانگو وائرس سپرے کیے اس مہم کا باقاعدہ سرپرستی ڈاکٹر باقی داد اسٹاک اسسٹنٹ محمد موسیٰ، یکمل مین سپر یمہ میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

بلوچستان عوامی پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، میر علی احمد

سینیٹر منظور احمد دن رات عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہیں، بیان

Merit	Kalat Zone	Zhob Zone	Nasirabad Zone	Mekran Zone	Quetta Zone	Sibi Zone	Quetta City
40	41	27	27	27	27	13	13
Disable Person's Quota: 12					Minority's Quota: 28		

Note:- Those candidates, who have already applied in response to the aforementioned Advertisement need not apply again.

DEPUTY DIRECTOR RECRUITMENT
BALOCHISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION
Phone No. 081-9201601

PRQ No.5148/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Public Health Engineering E & M Division Quetta are invites the tenders from the approved Government Contractors.

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2% in shape of Call deposit for each work

S#	NAME OF WORK	Estimated Cost	TSE NO
1	Construction of WSS Kachi Baig Quetta		
	i. Drilling & Development of bore.	8.222 (M)	TSE-2526051056573
	ii. S/Installation of Solar	9.600 (M)	TSE-2526051056613
2	Construction of WSS Sardar Karez Killi Rizwan Shahwani		
	i. S/Instt: of Solar System.	10.844 (M)	TSE-2526051056793
	ii. Civil Work	1.229 (M)	TSE-2526051056723

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **ELIGIBILITY**:- a. Three Years Relevant Work Experience in PHE Department. b. Turn-Over of at least three years showing financial capacity of the firm. c. The contractor must have registration with tax authorities i.e (NTN Sales tax department and Baluchistan Revenue Authority/BSTS) valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category who have deposited enlistment/renewal fee for the year 2025-2026. Tender fee deposited in head of account C-02725-02 through green challah form original in State Bank of Pakistan/National Bank of Pakistan Quetta Rs, 1000 each work detail given as above. e. The detail of each works are available on B-PPRA website. **Method of Procurement:-** Single stage, one envelop procedure will be adopted. **Bidding/Tender documents:- Issuance.** The tender form/documents will be issued to bidders/contractors on publishing of notice in newspapers upto 04.06.2026 11:00 A.M from the presentation of requisite documents i.e tender fee (Non-refundable). Bid Security/Earnest money 2% in shape of call deposit. The tenders will be open in presence of all bidders/firms. **Submission**:- Last date for submission is **04.06.2026** at 11:00 A.M **Opening**:- The tender will be opened on 04.06.2026 at 12:00 P.M Place of Issuance, submission, inquiry and opening will be:- Address:- office of the Executive Engineer PHE E & M Division Quetta.
E-mail Address:- XEN-pheE&Mquetta@gmail.com. It may be noted that no pay order will be accepted/entertained and Firm complete title name should be written on call deposit. Only original contractor are allowed to participate in the tenders with original CNIC. Agent/Representative will not be allowed. CONDITIONS. **All the terms and conditions/site of the detail works can be seen/obtain from the office of the undersigned in any office hours.**

EXECUTIVE ENGINEER,
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
E&M DIVISION QUETTA.

PRQ No.5102/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SCHEDULE FOR DRC MEETINGS

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.3442/23-01-2026 the DRC Schedule for teaching posts (BPS-14 to BPS-15) on contractual basis (Phase III) of District Kohlu is as under:-

Date	Day	Timing	Union Councils	Cadre	Gender	No. of Candidates
01-06-2026	Monday	10:00 AM to 04:00 PM	Municipal Committee (Saddar) and Oryani	All Cadres	Male	142
02-06-2026	Tuesday	10:00 AM to 04:00 PM	Karam Khan Shehr , Mast Tawakali, Pazza, Girsani Gharbi Makori and Bala Dhaka	All Cadres	Male	124
03-06-2026	Wednesday	10:00 AM to 04:00 PM	Shaheed Jhangir Abad, Maiwand, Thadri , Sufaid and Rehman Abad	All Cadres	Male	195
04-06-2026	Thursday	10:00 AM to 04:00 PM	Kotey Shehr Tamboo , Kahan, Janat Ali ,Nesaoo ,Sohre Kaor and Disable (Male)	All Cadres	Male	124
05-06-2026	Friday	10:00 AM to 04:00 PM	Municipal Committee (Saddar) / Oryani and Kotey Shehr	All Cadres	Female	84
06-06-2026	Saturday	10:00 AM to 04:00 PM	Shaheed Jhangir Abad , , Sufaid ,Karam Khan Shehr and Maiwand	All Cadres	Female	127

Note:
1. The working hours of the DRC is from 10:00AM to 04:00 PM.
2. All the candidate must appear before the DRC personally along with all the original Documents /CNIC/Local etc.
3. The candidate of the applicant will stand cancel if he/she does not appear before the DRC personally on due date and time.
4. All the candidates are hereby informed to ensure their presence at their respective Union Council on the given Scheduled date and time in case of absence he/she will not be allow / applicable to appear in next Union council schedule day , it is clearly stated that their attendance will not be accepted and he/she will be considered absent.

DISTRICT EDUCATION OFFICER
KOHLU

PRQ No.5105/18-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 — آئی ایم ایف

264 ارب روپے کے ٹیکس ہدف پر اصرار کیا جا رہا ہے جبکہ ایف بی آر اس ہدف میں کمی کیلئے کوششیں کر رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے انفورسمنٹ اقدامات کے ذریعے 778 ارب روپے اضافی وصولی کا مطالبہ بھی کیا ہے، آئندہ بجٹ میں 430 ارب روپے کے نئے ٹیکس اقدامات زیر غور ہیں۔ علاوہ ازیں ایف بی آر اور آئی ایم ایف کے درمیان ٹیکس ہدف کو جی ڈی پی کے 11.2 فیصد کے برابر رکھنے پر اتفاق ہو گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے سیلز ٹیکس کی موجودہ 22.8 فیصد شرح کم کر کے 18 فیصد کرنے کی تجویز بھی دی ہے، تاہم اس کیساتھ تمام استثنیٰ ختم کرنے کا مطالبہ برقرار رکھا گیا ہے۔ حکومت نے آئی ایم ایف کو گیس کے شعبے کا گردشی قرضہ ختم کرنے کا پلان پیش کر دیا جس میں نئی لیوی عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے گیس سرکلر ڈیٹ مینجمنٹ پلان آئی ایم ایف کو پیش کر دیا ہے جس پر عالمی مالیاتی ادارے نے اہم سوالات اٹھاتے ہوئے حکومت سے مزید وضاحت طلب کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے گیس گردشی قرضے کو توانائی شعبے پر بڑا بوجھ قرار دیتے ہوئے اس کے حل کیلئے موثر اقدامات پر زور دیا ہے۔ دریں اثنا حکومت کی جانب سے گیس پر 5 روپے لیوی عائد کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے، جبکہ سرکاری کمپنیوں کے ڈیویڈنڈ کے ذریعے گیس گردشی قرض کم کرنے کا پلان بھی آئی ایم ایف کے سامنے رکھا گیا ہے۔ حکام کے مطابق منصوبے کے تحت مختلف مالی ذرائع سے گیس سیکٹر کے واجبات کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے سالانہ 35 ایل این جی کارگوز عالمی مارکیٹ میں فروخت کرنے کا فیصلہ بھی پلان کا حصہ بنایا ہے۔ ایل این جی کارگوز کی فروخت سے سالانہ تقریباً 160 ارب روپے حاصل کرنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جس سے گردشی قرضے کے دباؤ میں کمی لانے کی کوشش کی جائے گی، اسی طرح سوئی ناردرن اور سوئی سدرن کی بہتر ریکوری کے ذریعے 61 ارب روپے اضافی وصولیوں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 2 — ایرانی وزارت خارجہ

عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان آل سعود اور متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید آل نہیان کی جانب سے درخواست کی گئی ہے کہ ایران پر ہمارے طے شدہ فوجی حملے کو موخر کر دیا جائے، جو کل کے لیے مقرر تھا۔ ٹرمپ نے بتایا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت سنجیدہ مذاکرات جاری ہیں اور ان عظیم رہنماؤں اور اتحادیوں کی رائے میں ایک ایسا معاہدہ طے پا جائے گا جو نہ صرف امریکا بلکہ مشرق وسطیٰ اور اس سے باہر کے تمام ممالک کے لیے بھی قابل قبول ہوگا۔ یہ معاہدہ، سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایران کے لیے کسی بھی قسم کے جوہری ہتھیار نہ ہونے کو یقینی بنائے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان بات چیت پاکستان کی ثالثی کے ذریعے جاری ہے، دونوں فریقین نے ایران کی حالیہ تجویز پر اپنے اپنے ردعمل اور آرا بھی ارسال کر دی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کے مطابق ایران کی جنگ کے خاتمے پر توجہ ہے، مذاکرات کا عمل فعال طور پر براہ راست نہیں بلکہ ثالثی چینل کے ...

اور بنیادی ڈھانچے کیلئے سنگین چیلنج بن سکتے ہیں اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام متعلقہ ادارے ہائی الرٹ رہیں اور پیشگی اقدامات ہر صورت مکمل رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور موثر انداز میں نمٹا جا سکے حکومت بلوچستان نے ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے 7500 ملین روپے کے فنڈز کی منظوری بھی دے دی ہے، جس کے تحت ریسکیو، ریلیف اور بحالی سرگرمیوں کو فوری طور پر فعال بنایا جائے گا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈویژن اور ضلعی سطح پر پی ڈی ایم اے دفاتر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے گا جبکہ ریسکیو مشینری، خیمے، ادویات، خوراک اور دیگر ضروری سامان کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی اسی طرح صوبے بھر کے تمام اضلاع میں 1122 ریسکیو سینٹرز کو فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ آئندہ مرحلے میں تحصیل سطح پر بھی ریسکیو مراکز قائم کیے جائیں گے تاکہ امدادی کارروائیوں کو مزید موثر بنایا جا سکے شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے خدشات کے پیش نظر اسپتالوں میں ہیٹ اسٹروک ایمرجنسی نافذ کرنے، طبی عملے اور ایمبولینس سروس کو مکمل الرٹ رکھنے کی ہدایت دی گئی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ عوامی آگاہی مہم فوری طور پر شروع کی جائے گی جس کے تحت تعلیمی اداروں، مساجد، میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو گرمی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث غیر معمولی موسمی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے ایسی صورتحال میں حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے ہدایت کی کہ حساس اضلاع میں نکاسی آب کے نظام، ریسکیو مشینری، امدادی سامان اور ریلیف پوائنٹس ہر صورت فعال رکھے جائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل ممکن بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کسی بھی آفت یا ہنگامی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کبیر ذیشی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری چیف داخلہ حمزہ شفقات، سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری مواصلات بابر خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک داؤد خان بازئی، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے عطاء اللہ مینگل اور دیگر شریک تھے۔

بقیہ 4 — بحث و تکرار

اجلاس میں اراکین اسمبلی نے شکوہ کیا کہ کئی اضلاع کو وزارتوں میں نظرانداز کیا گیا ہے۔ اراکین اسمبلی نے کہا کہ وزارتوں کی تقسیم پر نظرثانی نہ کی گئی تو اسمبلی اجلاس سے بائیکاٹ کریں گے۔ اجلاس میں (آج) منگل کو اڈیالہ جیل جانے سے متعلق لائحہ عمل بھی طے کیا گیا، ہر ایم پی اے کو 100، 100 کارکن اڈیالہ پہنچانے کا ہدف دیا گیا۔

ہے، یہ حد دو تک رکی نہیں بلکہ منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے مرحلے پر بھی لاگو ہوتی ہیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ بھارت فرضی پیداواری صلاحیت، مصنوعی لوڈ کروز کے ذریعے ذخیرہ آب میں اضافہ جائز قرار نہیں دے سکتا۔ عالمی ثالثی عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا بھارت مغربی دریاؤں پر کسی بھی پانڈیرو پاور منصوبے میں اپنی مرضی سے پانی ذخیرہ نہیں کر سکتا، بھارت کشن گنگا اور رتلے منصوبوں سے متعلق تمام متعلقہ تکنیکی اور ہائیڈرولوجیکل معلومات پاکستان کے ساتھ شیئر کرے۔

بقیہ 10 — ہسپتال منتقل

نعشیں قومی شاہراہ کی قریب سے ملی جنہیں فائرنگ کر کے قتل کیا گیا نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 11 — وزیراعظم

بلوچستان اور سیاسی عمائدین سے ملاقات' کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں مہمان خصوصی ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کو کوئٹہ میں صوبے کے انتظامی اور سیکیورٹی امور پر بریفنگ دی جائے گی، وزیراعظم کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان اور سیاسی عمائدین سے ملاقات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزراء اور اعلیٰ سطح وفد بھی ہوگا، وزیراعظم کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کی پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

بقیہ 12 — عطا تارڑ

...

بقیہ 19 — قلعہ عبداللہ

دھماکے سے پھٹ گیا جس کی آواز دور دراز تک سنائی گئی، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام جائے وقوعہ پر پہنچ گئے آخری اطلاع آنے تک کوئی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 20 — وزیراعظم

آئندہ مالی سال کے لیے ترقیاتی بجٹ (PSDP) کے منصوبوں پر جائزہ اجلاس وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں آئندہ برس کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور ان کے لیے درکار فنڈز سے متعلق تفصیلات پر غور کیا گیا جبکہ رواں برس کے پی ایس ڈی پی پر بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کے لیے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ترقیاتی منصوبوں میں عوام کا پیسہ لگایا جائے گا جن کے نتائج یقینی ہوں۔ وزیر اعظم کے مطابق پانی کے ذخائر اور بجلی کے منصوبے ترقیاتی بجٹ خرچ کرنے کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں جبکہ پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے منصوبوں کو بھی ترجیح دی جائے گی۔

بقیہ 21 — گنڈاپور

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف آڈیو لیک کیس کی سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نصر من اللہ بلوچ نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے اور انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور ...

گورنمنٹ بوائز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کے مسائل حل کرینگے، گورنر بلوچستان

بھارت نے دوبارہ للکارا تو اس کا جغرافیہ بدل کر تاریخ کا حصہ بنادینگے، خواجہ آصف

بھارت کو جو جواب ملا اس سے ابھی تک سہلا رہا ہے، 28ویں ترمیم پر کابینہ میں ابھی تک کوئی بات نہیں ہوئی ہے

ایران پر امریکا یا اسرائیل کے دوبارہ حملے کا کوئی امکان نہیں کیونکہ دونوں ممالک جنگ کے حق میں نہیں ہیں، وزیر دفاع

زمرک خان اچکزئی سے سینیٹر عبدالشکور غبیزئی کی ملاقات، اہم امور پر گفتگو

پسماندہ علاقوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے، رہنما اے این پی

رابطے مضبوط ہونے سے خوشحالی و ترقی کی راہیں ہموار ہوں گی، رہنماؤں کا عزم

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی سے سینیٹر حاجی عبدالشکور خان غبیزئی اور محمد اسحاق غبیزئی نے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات نہایت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی جس میں علاقے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں، امن و امان، تعلیم، صحت اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ضلع قلعہ عبداللہ اور گردونواح .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارہ قوم یوم ثقافت قومی جوش و جذبے کے ساتھ منائیگی، ایچ ڈی پی

مذہبی طبقے کو بھی شرکت کرکے اپنی قوم و زبان کے ساتھ وابستگی کا اظہار کرنا چاہیے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں دنیا بھر میں آباد ہزارہ قوم اور اپنی ثقافت، زبان و رسم و رواج سے محبت کرنے والے مہذب و متمدن اقوام کو ہزارہ قوم کے یوم ثقافت کی مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہزارہ قوم کیلئے خوشی، مسرت اور شادمانی کا دن ہے اس روز ہزارہ قوم اپنے طرز زندگی، بود و باش، موسیقی، زبان، ادب، لباس، خوراک، تاریخ پر نظر ڈال کر اپنی اصلاح طلب پہلوؤں کی اصلاح اور اچھے پہلوؤں کو مزید بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے

صحت کے شعبے میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

دور دراز علاقوں میں مراکز صحت کو فعال بنانے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے بھر میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور صحت کے شعبے میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ مریضوں کو بروقت اور بہتر علاج فراہم ہوسکے۔ یہ بات انہوں نے اے این این سے خصوصی بات چیت کرتے .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

.........199 افراد پر فرد جرم عائد کیا گیا۔

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی پیپلز پارٹی کا وژن ہے، فیصل خان جمالی

عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، صوبائی وزیر

پیپلز پارٹی نے عوامی خدمت کی سیاست کو ہمیشہ فروغ دیا، مشرق سے گفتگو

استا محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا پاکستان پیپلز پارٹی کا وژن ہے موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ عوام کو تعلیم، صحت، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات بہتر انداز میں فراہم کی جا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور آئندہ بھی بلوچستان کی .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت خطے میں امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جمال شاہ کاکڑ

پاک فوج نے معرکہ حق میں دشمن کو دندان شکن جواب دیا، رہنما (ن) لیگ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے بھارتی آرمی چیف کی جانب سے دی جانے والی گیدڑ بھبکیوں اور اشتعال انگیز بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت خطے کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے پاکستان ایک ذمہ دار اور باوقار .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: قبائلی رہنما سردار ظفر بازئی 2 روز بعد بحفاظت گھر پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) قبائلی رہنما سردار ظفر بازئی دو روز بعد بحفاظت گھر پہنچ گئے، جس کے بعد ان کے لواحقین اور بازئی قبیلے کے افراد نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق سردار ظفر بازئی دو روز قبل مبینہ طور پر اغوا ہوگئے تھے، جس پر ان کے اہل خانہ اور بازئی قبیلے کے افراد میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تھی۔ سردار ظفر بازئی کے مبینہ اغوا کے خلاف لواحقین اور قبیلے کے افراد نے احتجاج بھی کیا تھا۔ مظاہرین نے احتجاجاً ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کو بلاک کرکے واقعہ کے خلاف شدید ردعمل ظاہر اور ان کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا تھا۔

صحبت پور، مسلح افراد کی شاہ واہ کے مقام پر ڈکیتی کی واردات

مسلح افراد کامران کھوسہ کو روک کر ان سے مہران کار چھین کر با آسانی فرار

صحبت پور (نمائندہ مشرق) تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود شاہ واہ کے مقام پر آٹھ نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر ڈکیتی کی واردات کی۔ اطلاعات کے مطابق ملزمان نے صحبت پور کے رہائشی کامران کھوسہ کو اسلحہ کے زور پر روک کر ان سے مہران کار 2019 ماڈل چھین لی اور فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپیہ 93 پیسے فی یونٹ سستی ہونیکا امکان

جون میں سہ ماہی میں کمی، ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے اضافے کو ملا کر خالص ریلیف 20 پیسے فی یونٹ رہ سکتا ہے، پاور ڈویژن

صارفین کو 5 سے 6 روپے فی یونٹ ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے بوجھ سے بچالیا حتمی فیصلہ نیپرا کی جانب سے سماعتوں کے بعد ہوگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپیہ 93 پیسے فی یونٹ سستی ہونے کا امکان ہے۔ اپریل کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 73 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے، جون میں سہ ماہی میں کمی، ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے اضافے کو ملا کر خالص ریلیف 20 پیسے فی یونٹ رہ سکتا ہے، حتمی فیصلہ نیپرا کی جانب سے سہ ماہی اور ماہانہ ایڈجسٹمنٹس کی سماعتوں کے بعد ہوگا۔ پاور ڈویژن کے مطابق اپریل 2026 کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی کی قیمت میں ایک روپے 73 پیسے اضافہ بنتا ہے، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی کی قیمت میں .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، حاجی لشکری رئیسانی

پورے خطے میں بڑی افراتفری اور پریشانی جس کا مقابلہ یکجہتی سے ممکن ہے

ایسے لوگ قابل تحسین جو سماج کے مسائل کم کرنے میں کردار ادا کر رہے ہیں، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہمیں قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا پورے خطے میں ایک بہت بڑی افراتفری اور پریشانی ہے اور اس کا مقابلہ یکجہتی سے کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اجتماعی شادیاں کمیٹی کوئٹہ کے زیر اہتمام علمدار روڈ پر بائیسویں اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے نوبیاہتا جوڑوں کو زندگی .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چنکی پاکستان سے باہر کہاں گئی؟ تفصیلات منظر عام پر آگئیں

لاہور (م ڈ) منشیات ڈیلر چنکی کے پاکستان سے باہر جانے اور پولیس سے بھاری رشوت کے عوض چھوڑے جانے کی تفصیلات منظر عام پر آگئیں۔ ذرائع کے مطابق لاہور سے پکڑی جانے والی کوکین کوئین انمول عرف چنکی کے معاملے میں اس کی ٹریول ہسٹری سامنے آگئی ہے، جس کے مطابق چنکی صرف ایک بار ہی ملک سے باہر گئی ہے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق انمول عرف چنکی 25 دسمبر 2018 کو کراچی سے باکو گئی اور تقریباً 3 ماہ بعد یکم اپریل 2019ء کو باکو سے واپس آگئی۔ چنکی کے دوسرے شوہر سابق انسپکٹر رانا اکرم بھی 2 مرتبہ باکو گیا۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کوئٹہ کلی بائی پل کے افتتاح کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

صومالی قزاقوں کا پاکستانیوں و دیگر عملے کی رہائی کیلئے 30 لاکھ ڈالر کا مطالبہ

بحری جہاز میں سوار 17 افراد میں سے 10 پاکستانی ہیں، تمام افراد کو خوراک کی قلت کا سامان ہے،: انصار برنی ٹرسٹ

قزاقوں کی جانب سے مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں تمام مغویوں جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے ادارے انصار برنی ٹرسٹ کا کہنا ہے کہ رواں برس اپریل میں صومالیہ کے قریب اغوا کیے گئے آئل ٹینکر پر سوار عملے کی رہائی کے لیے بحری قزاقوں نے 30 لاکھ امریکی ڈالر تاوان کا .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نواں کلی اور عالمو چوک میں سرکاری نرخنامے کیخلاف ورزی کرنے پر گوشت فروشوں کیخلاف کارروائیاں کر رہے ہیں

رشوت خوروں نے لاک ڈاؤن کو کمائی کا ذریعہ بنادیا، پشتونخوامیپ

محنت کش اور دیہاڑی دار طبقہ کسی پر بوجھ نہیں وہ صرف اپنا حق مانگتے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں تاجروں، دکانداروں، ریڑھی بانوں کو تنگ کرنے، گرفتار کرنے، رشوت لینے کے ناروا عمل کی پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ اگر یہ سلسلہ ترک نہ کیا گیا تو پارٹی پولیس، ٹریفک پولیس، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ کے خلاف احتجاج پر مجبور ہوگی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پہلے سے تباہ حال غریب عوام، تاجر، دکاندار شدید .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی بجٹ میں حصہ لیں گے نہ قومی اسمبلی چلنے دینگے، محمود خان اچکزئی

عمران خان کی آنکھ کا مسئلہ ہے ان کو اپنے خاندان سمیت ذاتی معالجین کی موجودگی میں شفا ہسپتال منتقل کیا جائے

جعلی حکومت سے کہہ دیجیے کہ عمران خان سے ہماری ملاقات کب ہوگی، اپوزیشن لیڈر کا قومی اسمبلی میں خطاب

کوئٹہ / اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی اجلاس میں اسپیکر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے پچھلے اجلاس جمعے کے دن آپ چیئر پر تھے۔ ہم نے آپ سے ایک مؤدبانہ گزارش کی تھی، بڑے نرم الفاظ میں۔ کہ عمران خان کو ان کے ذاتی معالجین اور خاندان کے ہمراہ شفا ہسپتال منتقل کیا جائے۔ انتہائی نرم الفاظ میں آپ سے استدعا کی تھی پہلا یہ کہ اپنی اس جعلی حکومت سے کہہ دیجیے کہ عمران خان سے ہماری ملاقات کب .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، فضل الرحمن

عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، عام آدمی 2 وقت کی روٹی سے بھی محروم ہوگیا ہے

حکمران طبقات نہ امن و امان کے قیام میں سنجیدہ ہیں اور نہ ہی عوامی معاشی مسائل کے حل میں دلچسپی رکھتے ہیں، گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، آج عام آدمی اپنی محنت کی کمائی سے بچوں کی تعلیم اور دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرنے سے بھی قاصر .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے 204 میگاواٹ بجلی خریدنے کا فیصلہ خوش آئند ہے، محمد عبدالقادر

بلوچستان کے عوام کئی دہائیوں سے بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساحلی اور سرحدی علاقوں میں توانائی بحران کم ہونے کی امید پیدا ہوئی ہے پاکستان کی جانب سے ایران سے 204 میگاواٹ بجلی درآمد کرنے کا فیصلہ نہ صرف ایک اہم معاشی اور انتظامی پیش رفت ہے بلکہ یہ بلوچستان کے ساحلی اور سرحدی علاقوں کے عوام کیلئے ایک بڑی سہولت بھی ثابت ہوگا بلوچستان کے کئی اضلاع خصوصاً گوادر، جیوانی، تربت، .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی علمدار روڈ پر ہونیوالی اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بیرسٹر گوہر نے ووٹر کی عمر بڑھانے کی بات کو غیر سنجیدہ کہہ دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے ووٹر کی عمر بڑھانے کی بات کو غیر سنجیدہ کہہ دیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے ووٹ دینے کی عمر کی حد 18 سے 25 برس کرنے کی تجویز پر ردعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ نہیں سمجھتے یہ کوئی سنجیدہ بات ہے یا کوئی تجویز ہے۔

گیس و بجلی لوڈشیڈنگ نے صارفین کی زندگی اجیرن بنادی، مولانا عبدالرحمان رفیق

افسوسناک امر یہ کہ کوئٹہ شہر بنیادی سہولیات سے یکسر محروم ہے، عین اللہ شمس

متعلقہ ادارے صرف وقتی اعلانات، طفل تسلیوں اور ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور اس کے گرد و نواح میں جاری غیر اعلانیہ اور طویل دورانیہ .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس پاکستان کو انمول چنکی کے حوالے سے اہم خط ارسال

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈرگ کوئین انمول عرف چنکی کے کیس کی سماعت سپریم کورٹ میں کرنے کے لیے چیف جسٹس پاکستان کو خط بھجوا دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سول سوسائٹی کے عبداللہ ملک نے چیف جسٹس پاکستان کو ایک خط ارسال کیا ہے۔۔۔

کوئٹہ انجینئر زمرک خان اچکزئی سے سینیٹر حاجی عبدالشکور خان غبیزئی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان، فائرنگ و ٹریفک حادثات میں 7 ہلاک، 18 افراد زخمی

سریاب میں فائرنگ سے پرائیویٹ سکول کے ڈائریکٹر سہیل احمد اور کچلاک میں ٹرک و گاڑی کے درمیان تصادم میں بی بی سدو و آمنہ بی بی جاں بحق

میزئی اڈہ کے قریب فائرنگ سے احمد اللہ ہلاک، حمید اللہ و ساتھی زخمی، سوراب میں فائرنگ سے محمد اسماعیل شدید زخمی

گوٹھ مٹھا خان جتوئی کے 2 نوجوان فیض محمد جتوئی، قربان علی جتوئی ٹریفک حادثہ جبکہ ہزار گنجی میں فائرنگ سے اللہ یار ہلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کچلاک بائی پاس پر خانہ بدوشوں کے تیز رفتار ٹرک اور گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں 2 خواتین جاں بحق جبکہ خواتین بچوں سمیت 15 افراد زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او کچلاک حاجی عبدالحئی گرانی دیگر عملے کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کچلاک بائی پاس پر خانہ بدوشوں کا تیز رفتار ٹرک ڈرائیور سے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ڈویژنز، اضلاع اور انتظامی یونٹس میں تبدیلیاں مسترد کرتے ہیں، پشتونخوانیپ

حکومتی فیصلوں کا مقصد انتظامی حیثیت و قومی حقوق کو کمزور کرنا ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ مذمتی پریس ریلیز میں فارم 47 کی بنیاد پر قائم نااہل، غیر قانونی اور غیر آئینی صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے کے مختلف ڈویژنز، اضلاع اور انتظامی یونٹس کے ناموں، حدود اور جغرافیائی ساخت میں وہاں کے عوام کی مرضی و منشاء کے برعکس تبدیلیوں کا نوٹیفکیشن کو مسترد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ فیصلے نہ صرف متعلقہ اضلاع اور ڈویژنز کی تاریخی، جغرافیائی اور قومی شناخت .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی قانون سازی کالعدم قرار، وفاقی شرعی عدالت نے خودکشی کو جرم قرار دیدیا

قانون سازی میں ضابطہ فوجداری کا جو سیکشن ایکٹ سے ڈیلیٹ ہوا تھا، وفاقی شرعی عدالت نے بحال کردیا

قانون میں خودکشی کی کوشش کو جرم قرار دینے کی شق ڈیلیٹ کی گئی تھی، 2022 کے ایکٹ کیخلاف درخواستیں منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی شرعی عدالت نے خودکشی قانون سے متعلق فیصلہ جاری کرتے ہوئے خودکشی کو جرم قرار دیدیا۔ فیڈرل شریعت کورٹ کے چیف جسٹس اقبال حمید الرحمان، جسٹس محمد انور اقبال اور جسٹس امیر خان نے کیس کا پہلے سے محفوظ فیصلہ سنایا۔ حکومتی قانون سازی کو وفاقی شرعی عدالت نے غیر اسلامی قرار دیکر کالعدم قرار دیتے ہوئے 2022 کے ایکٹ کے خلاف درخواستیں منظور کرلیں۔ 2022 کی قانون سازی میں خودکشی کی کوشش کو جرم قرار دینے کی شق ڈیلیٹ کردی گئی تھی، قانون سازی میں ضابطہ فوجداری کا جو سیکشن ایکٹ .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے امیر مولانا عبدالقادر لونی لونی اور حمزہ زئی اقوام کے درمیان تصفیہ کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

قازقستان کا اعلیٰ سطحی وفد کراچی پہنچ گیا، گوادر میں سرمایہ کاری پر غور

قازقستانی وفد نے گوادر پورٹ کو وسطی ایشیاء کیلئے اہم تجارتی گیٹ وے قرار دے دیا

گوادر (این این آئی) قازقستانی وفد نے گوادر پورٹ کو وسطی ایشیاء کے لئے اہم تجارتی گیٹ وے قرار دے دیا، لاجسٹکس، سرمایہ کاری، بینکاری اور علاقائی تجارتی راہداریوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، کراچی میں اعلیٰ سطحی اجلاس تفصیلات کے مطابق قازقستان کے معروف کاروباری شخصیت اور فریڈم ہولڈنگ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر تیمور ترلوف کی قیادت میں قازقستان کا اعلیٰ سطحی وفد کراچی پہنچ گیا، وفد نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہیڈ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان کا مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان نے جون کیلئے پیٹرولیم ذخائر محفوظ کر لئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے پیش نظر پاکستان نے جون کے مہینے کیلئے پیٹرولیم ذخائر محفوظ کر لئے۔ ذرائع کے مطابق جون کیلئے 446 میٹرک ٹن خام تیل محفوظ کیا گیا ہے جبکہ 201 میٹرک ٹن ڈیزل کے ذخائر کا بھی بندوبست مکمل کرلیا گیا ہے۔

صوبے میں امن کی صورتحال مسلسل ابتر ہوتی جا رہی ہے، اے این پی

مسلح جتھوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں نے عوام میں شدید خوف و ہراس پیدا کردیا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں بڑھتی ہوئی بدامنی، عدم تحفظ، ٹارگٹ کلنگ، اغواء کے واقعات اور سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف کارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال مسلسل ابتر ہوتی جا رہی ہے جس کے خطرناک اثرات خصوصاً پشتون اور بلوچ بیلٹ میں نمایاں طور پر محسوس کئے جا رہے ہیں معروف دانشور اور استاد پروفیسر حیات قم خوار کی ٹارگٹ کلنگ، پروفیسر صابر اور ان کے ساتھیوں کے مبینہ اغواء جبکہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور سابق رکن .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

انمول چنکی کے معاملے پر پیپلز پارٹی پر دباؤ کی قیاس آرائیاں مسترد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کراچی سے گرفتار ہونے والی مبینہ ڈرگز اسمگلر انمول عرف چنکی کے ذریعے پیپلز پارٹی پر دباؤ ڈالنے کی قیاس آرائیوں کو مسترد کردیا۔

کوئٹہ انتظامیہ متحرک، 31 گرانفروش جیل منتقل، 12 دکانیں سیل

کارروائیاں نواں کلی، عالمو چوک، جوائنٹ روڈ، کاسی روڈ، طوغی روڈ میں کی گئیں

سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کیلئے آپریشنز جاری رہیں گے، افسران کا عزم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر شہر بھر میں گرانفروشوں اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 165 دکانوں کا معائنہ .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حوالہ ہنڈی کے خلاف ایف آئی اے کی کارروائی، بینک منیجر گرفتار

گرفتاری تکنیکی تجزیے اور پہلے سے گرفتار ملزمان کے انکشافات پر کی گئی، ترجمان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے کی حوالہ ہنڈی کے خلاف کارروائی کے دوران بینک منیجر کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے کمرشل بینکس سرکل کراچی نے ہنڈی حوالہ نیٹ ورک کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران اہم کارروائی کرتے ہوئے ایک بینک منیجر کو گرفتار کرلیا۔ ملزم محمد ثاقب نجی مائیکرو فنانس بینک کی برانچ میں بطور .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر خارجہ سے سعودی سفیر کی ملاقات، خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

عوام بلوچستان کو دلدل سے نکالنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی عوام کو کسی قیمت پر مایوس نہیں کرے گی، ہر فورم پر حقوق کی جنگ جاری رکھیں گے، صوبائی امیر

حکمرانوں نے ملک و قوم کو مہنگائی، بیروزگاری، ظلم، کرپشن، بدامنی کے سوا کچھ نہیں دیا، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے غیرت مند عوام، نوجوانوں، طلبہ اور علمائے کرام کی مایوسیوں کا واحد علاج جماعت اسلامی ہے جماعت اسلامی کی جاری ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ لے کر عوام بلوچستان کو محرومیوں، پریشانیوں، بدامنی، بے روزگاری اور ناانصافی کے دلدل سے نکالنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں جماعت اسلامی عوام کو کسی قیمت پر مایوس نہیں کرے گی بلکہ ہر فورم پر ان کے حقوق کی جنگ جاری رکھے گی شریف و زرداری خاندانوں نے ملک و قوم کو مہنگائی، بے......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

خاران، چوری کی وارداتوں کیخلاف تاجروں کا احتجاجی مظاہرہ

ڈاکو اسلحہ کے زور پر دکانداروں سے مال لوٹنے میں مصروف، انتظامیہ خاموش ہے، مظاہرین

خاران (رپورٹ محمد یحییٰ محمد حسنی) خاران شہر میں چوری و ڈکیتی کی وارداتیں نہ رکیں، چوروں سے عوام کی مال محفوظ نہیں، گزشتہ رات نامعلوم مسلح افراد نے بازار کے ہندو محلہ میں ہندو برادری کی دکانوں سے اسلحہ کے زور پر نقدی موبائل اور دیگر سامان لیکر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جبکہ دن دہاڑے بازار قلعہ روڈ پر موبائل کی دکان پر نامعلوم مسلح افراد نے موبائل دکان میں ڈکیتی کرتے ہوئے موبائل اور نقدی لے گئے جس پر انجمن تاجران .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر میں ڈکیتی کی وارداتیں، فائرنگ سے ایک شخص زخمی

زخمی شخص کو ہسپتال پہنچا کر واپس آنیوالے افراد ڈاکوؤں کے ہتھے چڑھ گئے

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر۔ نیشنل ہائی وے براہم باران کے قریب حیرت انگیز واردات موٹر سائیکل ڈکیتی کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ ایک شخص کو زخمی کردیا زخمی کو ہسپتال پہنچا کر واپس آنیوالے افراد بھی ڈاکوؤں کے ہتھے چڑھ گئے متعدد افراد موٹر سائیکل موبائل اور نقدی سے محروم تفصیلات کے مطابق سندھ، پنجاب اور پورے ملک کو ملانے والی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ ایڈووکیٹ عزیر بھنڈاری کے توسط سے دائر درخواست میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے 12 مارچ 2026ء کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں ڈاکٹر خرم مرزا، ڈاکٹر عاصم یوسف، ڈاکٹر فیصل سلطان اور ڈاکٹر ثمینہ نیازی سے بانی پی ٹی آئی کا فوری میڈیکل چیک اپ کرانے کی درخواست کی گئی ہے۔

کوئٹہ سنگی روڈ پر مویشی منڈیوں میں لوگ جانور خرید رہے ہیں

باجوڑ اور جیکب آباد میں پولیو ٹیم پر حملے، دو پولیس اہلکار شہید

پشاور، جیکب آباد (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے ضلع باجوڑ اور سندھ کے ضلع جیکب آباد میں نامعلوم افراد کے پولیو ٹیموں پر حملوں میں دو پولیس اہلکار شہید جبکہ خاتون پولیو ورکر زخمی ہوگئی۔

مستونگ ٹرانسمیشن لائن کے ٹاوروں پر نئے بریس نصب کردیئے، کیسکو

3 ٹاوروں کی بریس پٹی کاٹ کر چوری کرنے والوں کیخلاف مقدمہ درج کرالیا گیا، حکام

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ گرڈ اسٹیشن کے قریب 132kv ٹرانسمیشن لائن سے نامعلوم چوروں نے 3 ٹاوروں کی بریس پٹی کاٹ کر چوری کرلئے۔ جس کے نتیجے میں 132kv کا ٹاور جزوی طور پر متاثر ہوچکا تھا جس کے بعد کیسکو کے شعبہ گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) سریاب ڈویژن کی ٹیم نے ہنگامی بنیاد پر 132kV انڈسٹریل مستونگ ٹرانسمیشن لائن کے ٹاوروں پر نئے بریس نصب کردیئے۔ کیسکو کی جانب سے اس واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے مستونگ کے ولی خان پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کیا۔ .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ اجلاس، حکومت نے اپوزیشن کو مذاکرات کی پھر پیشکش کردی

وزیراعظم نے 3 مرتبہ کہا ہم بات چیت کرنا چاہتے ہیں، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ میں حکومت نے اپوزیشن کو مذاکرات کی پھر پیشکش کردی۔ پیر کو وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے 3 مرتبہ کہا ہم آپ سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں، آپ لوگ جب کہیں 24 گھنٹے میں آپ کی وزیراعظم سے میٹنگ ہوسکتی .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے وفد کا دورہ پی ڈی ایم اے

وفد کو پی ڈی ایم اے کے آپریشنل نظام، ادارے کے مجموعی ورک فلو سے تفصیلی آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ادارہ برائے آفات سے نمٹنے کے انتظامات پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے دفتر میں نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کی 46 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء پر مشتمل ایک وفد نے دورہ کیا۔ اس موقع پر ایک تفصیلی بریفنگ سیشن اور ادارہ جاتی تعارفی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان نے کی جبکہ ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ریسکیو جمیل احمد شیخ بھی موجود تھے۔ بریفنگ کے دوران وفد کو پی ڈی ایم اے کے آپریشنل نظام .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

مدارس اسلامی اقدار، دینی تشخص و قومی نظریات کے محافظ ہیں، مولانا عبدالواسع

بلوچستان کے حقوق کی جدوجہد میں جمعیت نے ہمیشہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر اصولی موقف اختیار کیا، صوبائی امیر

مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، انتخابی انجینئرنگ نے عوام کو جمہوری عمل سے بدظن کرنے میں اہم کردار ادا کیا، سینیٹر

بعض قوتوں نے تشدد کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی، انتشار کی سیاست ناکامی کی علامت بن چکی ہے، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ "تحفظ مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس" خطے کے سیاسی، دینی اور سماجی منظرنامے پر دوررس اثرات مرتب کرے گی کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے صوبے کے تمام اضلاع میں بھرپور سرگرمیاں جاری ہیں اور کارکنان و ذمہ داران شب و روز محنت میں مصروف ہیں۔ انہوں .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم پاکستان بلوچستان کے سلگتے مسائل کا نوٹس لیں، جمعیت نظریاتی

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی، صوبے کے عوام طویل عرصے سے احساس محرومی کا شکار ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

بیروزگاری کے باعث جرائم میں اضافہ دوسری طرف ملک دشمن عناصر نوجوانوں کو اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی، مولانا سائیں عزیز احمد شاہ امروٹی اور سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے وزیراعظم شہباز شریف سے بلوچستان کے سلگتے مسائل، بے روزگاری، احساس محرومی اور بڑھتی ہوئی بدامنی کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ بنیادی طور پر سیاسی اور معاشی نوعیت .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر